آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 35 | بروز سوموار 11 ستمبر 2023ء بمطابق 24 صفر 1445ھ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 212

بدامنی پھیلانے والوں کی گردن قانون کے شکنجے سے نہیں بچ سکتی، میر سرفراز بگٹی

سوئی سے 6 فٹ بالرز کی اغواء کا معاملہ، ضلعی انتظامیہ ڈیرہ بگٹی نے 7 مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا' مغویوں کی بازیابی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں' مغوی کھلاڑیوں کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری ہیں

6 مقامی فٹبالرز کو ڈیرہ بگٹی سے سبی جاتے ہوئے گزشتہ روز جانی بیڑی کے قریب اغوا کر لیا گیا تھا' مغوی فٹ بالرز کی بازیابی کیلئے آپریشن کا سلسلہ جاری ہے، مغوی ہمارے بچے ہیں انکی بازیابی تک سکون سے نہیں بیٹھوں گا' نگران وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد: نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی سے نگران صوبائی وزیر سردار آصف الرحمن دمڑ ملاقات کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی (کوئٹہ) (این این آئی) سوئی سے 6 فٹ بالرز کی اغواء کا معاملہ، ضلعی انتظامیہ ڈیرہ بگٹی نے 7 مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا ہے، نگران وفاقی وزیر داخلہ میر سرفراز بگٹی کے مطابق مغوی فٹ بالرز کی بازیابی کیلئے آپریشن کا سلسلہ جاری ہے۔ مغویوں کی بازیابی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کی تحصیل سوئی سے فٹبال کے اغوا کیے گئے 6 مقامی کھلاڑیوں کی بازیابی کے لیے آپریشن کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی کے مطابق مقامی فٹبالرز کے اغوا کے شبے میں 7 افراد کو حراست میں لیا گیا ہے۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق مغوی کھلاڑیوں کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

تعلیم، صحت، روڈ جیسے اہم ایشوز پر خصوصی توجہ دیں گے، نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان

نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان سے نگران بین الصوبائی رابطہ وزیر کی ملاقات گیس پریشر میں کمی عوام سخت سردی میں وقت گزارتے ہیں مجبوراً کچھ لوگ صنوبر کے قیمتی جنگلات کی لکڑیاں بھی کاٹتے ہیں' سردار زادہ آصف الرحمن دمڑ

ذخیرہ اندوز گرانفروش اور ملاوٹ کے مرتکب عناصر معاشرے کا ناسور ہیں' پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو فوری فعال کر کے گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی

عوام کے مفادات کے تحفظ میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی افسران اور عملہ اپنی کارکردگی بہتر بنائیں بصورت دیگر انکے خلاف بھی کاروائی کی جائے گی' عوام کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں

کوئٹہ (این این آئی) نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کی جانب سے عوامی ریلیف کے لئے متعلقہ اداروں کو لائن آف ایکشن دے دی گئی ہے اور بلوچستان میں پرائس کنٹرول ملاوٹ و ذخیرہ اندوزی اور اشیاء خورد و نوش کی سمگلنگ کی روک تھام کے لئے بھرپور اقدامات کا فیصلہ کر لیا گیا ہے جس پر فوری عملدرآمد کا آغاز ہوگا نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کی جانب سے سیکریٹریوں کمشنروں ڈپٹی کمشنروں اور فوڈ اتھارٹی کو جاری کئے گئے احکامات میں بلا تاخیر عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا کہا گیا ہے وزیر اعلیٰ کی ہدایت ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو فوری فعال کر کے گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے چینی یوریا اور دیگر اشیاء ضرورت کی سمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف نتیجہ خیز کاروائی کی جائے اور اشیاء خورد و نوش میں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن سے 1 کروڑ ڈالرز سے زیادہ برآمد کیے، جان اچکزئی

بلوچستان میں 500 سے زیادہ ایرانی پمپس بند کر دیے ہیں۔ نگران وزیر اطلاعات بلوچستان

کراچی (این این آئی) نگران صوبائی وزیر اطلاعات جان اچکزئی نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن سے 1 کروڑ ڈالرز سے زیادہ برآمد کیے، ایرانی تیل 5 ارب مالیت کا بزنس بن گیا ہے۔ صوبے میں 500 سے زیادہ ایرانی پمپس بند کر دیے۔ گزشتہ روز کراچی میں نیوز کانفرنس کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کولمبو بھارت کے خلاف میچ میں وکٹ لینے پر پاکستانی کھلاڑی خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

پاکستان اس وقت ایک مشکل دور سے گزر رہا ہے' نگران وزیر اعظم

قائد اعظم کی قیادت کے بغیر مسلمانوں کیلئے آزاد ریاست کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہوتا، ہمیں جناح آج قائد کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے شاید اس سے پہلے کبھی نہ تھی

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ قائد اعظم کی قیادت کے بغیر مسلمانوں کیلئے آزاد ریاست کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہوتا، قائد اعظم کی زندگی اصول پسندی، آئینی جدوجہد، سیاسی بصیرت، ایمان، اتحاد اور تنظیم کے زریں اصولوں کا عملی نمونہ تھی، پاکستان اس وقت ایک مشکل دور سے گزر رہا ہے اور ہمیں جناح آج قائد کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے شاید اس سے پہلے کبھی نہ تھی۔ قائد اعظم محمد علی جناح کے یوم وفات پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پاکستان کا راباخ کو جمہوریہ آذربائیجان کا خودمختار علاقہ سمجھتا ہے، دفتر خارجہ

آذربائیجان کی غیر قانونی حکومت کی نام نہاد انتخابات کی کوشش قانونی اور اخلاقی طور پر قابل مذمت ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کا راباخ کو جمہوریہ آذربائیجان کا خود مختار علاقہ سمجھتا ہے۔ آذربائیجان کی سرزمین میں نام نہاد صدارتی انتخابات کے انعقاد پر ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آذربائیجان کی غیر قانونی حکومت

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

مظفر آباد، دریائے نیلم میں نہاتے ہوئے 4 نوجوان ڈوب کر جاں بحق

مرنے والے نوجوان نجی اور سرکاری اداروں میں فرسٹ اور سیکنڈ ایئر کے طالبعلم تھے، رپورٹ

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں دریائے نیلم میں نہاتے ہوئے چار نوعمر طالب علم ڈوب گئے۔ مرنے والوں میں دریائے نیلم کی بالائی پٹی کے علاقے کیل سے تعلق رکھنے والے 17 سالہ عدیل افضل، 17 سالہ یاسر بشیر، 18 سالہ بشیر اللہ باسط

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

ٹریفک حادثے میں چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب سمیت 4 افراد جاں بحق' حادثے کے بعد مجرموں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ٹریفک حادثے میں چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب سمیت 4 افراد جاں بحق حادثے کے بعد مجرموں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا بلوچستان میں ٹریفک حادثے میں چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب سمیت 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ قلعہ سیف اللہ میں ژوب شاہراہ پر مسافر پور کے مقام پر ٹرک اور گاڑی میں تصادم ہوا۔ حادثے میں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: نگران وزیر داخلہ میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا محکموں کی بندش کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے ملازمین کی چار ماہ سے بند

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

شہر میں امن و امان سمیت صحت و تعلیم کے مسائل کیلئے جامع اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، محمد جاوید ڈومکی

ہرنائی (ٹ ن) ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد جاوید ڈومکی کی صدارت میں ضلع کے تمام محکموں کے سربراہان کا تعارفی اجلاس

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بھکی ڈھاڈر پولیس کی کاروائی فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو زخمی دو ساتھی گرفتار

بولان (این این آئی) بھکی ڈھاڈر پولیس کی کاروائی فائرنگ کے تبادلے میں ایک ڈاکو زخمی دو ساتھی گرفتار، ڈاکو ڈھاڈر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ نیو سریاب نے قتل کے اشتہاری اور چوری میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) پولیس تھانہ نیو سریاب نے قتل کے اشتہاری اور چوری میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں کسٹمز کے 27 افسران سمیت 41 اہلکاروں کا تبادلہ کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کسٹمز کے 27 افسران سمیت 41 اہلکاروں کا تبادلہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پاکستان میں 722 کرنسی ڈیلر حوالہ ہنڈی میں ملوث ہیں، رپورٹ وزیر اعظم ہاؤس میں جمع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں 722 کرنسی ڈیلر حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث ہیں، انٹیلی جنس بیورو نے اسمگلنگ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے انسداد بجلی چوری مہم میں کیسکو کا ساتھ دینے فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے انسداد بجلی چوری مہم میں کیسکو کا ساتھ دینے فیصلہ کر لیا۔ محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

شیخوپورہ، موٹروے پر بس حادثہ میں چھ افراد جاں بحق، 50 سے زائد زخمی

شیخوپورہ (این این آئی) شیخوپورہ میں موٹروے پر بس حادثے میں 6 افراد جاں بحق اور پچاس سے زائد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اتحادی جماعتیں خوفزدہ ہیں الیکشن سے بھاگنا چاہتی ہیں، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد کے حکمران بڑی بڑی باتیں کر رہے ہیں ہم پی ٹی آئی سے نہیں ڈرتے، ہم مقابلہ کرنے آ رہے ہیں، الیکشن سے نہیں بھاگیں گے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

ہمارا پی ٹی آئی کو پیغام ہے کہ ہم آپ سے نہیں ڈرتے ہم مقابلہ کرنے آ رہے ہیں، میں پی ٹی آئی کا مقابلہ نگران وزیر اعظم کی طاقت سے نہیں بلکہ عوام کی طاقت سے کروں گا

حیدر آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین و سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے حکمران بڑی بڑی باتیں کر رہے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام نے کبھی مجھے مایوس نہیں کیا، نالائق کو نکالنے میں ہم حیدر آباد کی عوام کی مدد سے کامیاب ہوئے، دو جیالوں کی محنت کی وجہ سے وزیر اعظم نہیں رہا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ لوگ پانی کے لیے ترس رہے ہیں تاہم اسلام آباد کے حکمران بڑی بڑی باتیں کر رہے ہیں، دریائے سندھ ہونے کے باوجود یہاں کی عوام پانی کو ترس رہے ہیں، جو اس شہر کو اندھیرے سے چلاتے تھے ان سے پوچھیں کہ انہوں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

سعودی ولی عہد کا دورہ پاکستان جلد متوقع ہے، نگران وزیر خارجہ

سعودی ولی عہد کے دورہ پاکستان کی تاریخوں کی ابھی تک تصدیق نہیں ہو سکی ہے، جلیل عباس جیلانی

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کہا ہے کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان جلد ہی پاکستان کا دورہ کریں گے۔ ایک انٹرویو میں نگران وزیر خارجہ نے سعودی ولی عہد کے دورہ پاکستان کے حوالے انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی آمد کی تاریخوں کی ابھی تک تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔ انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ یہ دورہ پاکستان کے لیے معاشی ترقی کے حوالے سے انتہائی اہم ہے، اس دورے کے دوران متعدد ڈیلز فائنل ہونے کی امید ہے، ہماری زیادہ توجہ زراعت، کان کنی، توانائی اور آئی ٹی کے شعبوں میں معاہدوں پر مرکوز ہے، کیونکہ اب ہم شرح نمو کو

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

نگران وزیر داخلہ بلوچستان میر محمد زبیر جمالی سید عطاء اللہ شاہ بخاری سے ملاقات کر رہے ہیں

ثبت اقتصادی مسابقتی دوڑ سے دنیا تیزی سے ترقی کرے گی سینیٹر محمد عبدالقادر

جی-20 کانفرس اور سی پیک سے علاقے میں اقتصادی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پیٹرولیم و ریسورسز اور سیاسی و اقتصادی امور کے ماہر سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ نئی دہلی بھارت میں منعقد ہونے والی جی-20 کانفرنس کی غیر معمولی علاقائی اور بین الاقوامی اہمیت ہے دنیا کی صف اول کی 20 معیشتوں کے سربراہ بھارت میں اکٹھے ہوئے ہیں جہاں چین ایک بڑی ابھرتی ہوئی معیشت کے طور پر عالمی سطح پر تسلیم کیا جا رہا ہے وہاں امریکی سرپرستی میں بھارت میں ہونے والی حالیہ کانفرنس میں چین کے اقتصادی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

بلاول کا بیان سیاسی بلوغت کی جانب پہلا قدم ہے، حافظ حسین احمد

پیپلز پارٹی میں اعتزاز احسن اور لطیف کھوسہ کا بیانیہ حاوی ہو چکا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ زرداری کا بیان "اُن" کی خوشنودی جبکہ بلاول کا بیان عوام کو متاثر کرنے کے لیے ہے، زرداری کے مفاہمانہ پالیسی پر بلاول کا مزاحمتی بیان سیاسی بلوغت کی جانب سے قدم ہے، پیپلز پارٹی میں اعتزاز احسن اور لطیف کھوسہ کا بیانیہ حاوی ہو چکا ہے، سب پر بھاری رہنے والے زرداری پر ایک بلاول بھاری ثابت ہو رہے ہیں۔ اتوار کے روز اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں مختلف وفود اور میڈیا سے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ایرانی تیل کی اسمگلنگ کی آمدن دہشت گردی میں استعمال ہونے کا انکشاف

ایرانی تیل کی اسمگلنگ میں 90 سرکاری افسران اور 29 سیاستدان ملوث ہیں، پاکستان میں 722 کرنسی ڈیلر حوالہ، ہنڈی کے کاروبار میں ملوث ہیں، رپورٹ

پاکستان میں اسمگلنگ کے گندے دھندے کی رپورٹ وزیر اعظم ہاؤس بھجوا دی گئی، جس میں ایرانی تیل اور حوالہ ہنڈی کے کاروبار کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میں ایران سے ہونے والی تیل کی اسمگلنگ سے ہونے والی آمدن کی دہشت گردی میں استعمال ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان میں اسمگلنگ کے گندے دھندے کی رپورٹ وزیر اعظم ہاؤس بھجوا دی گئی جس میں ایرانی تیل اور حوالہ ہنڈی کے کاروبار کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ ٹی ٹی وی کے رپورٹ میں تیل کی اسمگلنگ میں ملوث افسران، سیاستدانوں اور ڈیلرز کی تفصیلات بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 722 کرنسی ڈیلرز حوالہ، ہنڈی کے کاروبار میں ملوث ہیں، حوالہ ہنڈی کے سب سے زیادہ 205 ڈیلرز پنجاب، 183 کے پی اور سندھ میں 176، اسلام آباد میں 17، بلوچستان 104 اور آزاد کشمیر میں 37 ڈیلر حوالہ ہنڈی میں ملوث ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایران سے پاکستان کو سالانہ 2 ارب 81 کروڑ لٹر سے زیادہ تیل اسمگل ہوتا ہے، ایرانی تیل کی اسمگلنگ سے سالانہ 60 ارب روپے سے زیادہ نقصان ہو رہا ہے۔ تیل کی اسمگلنگ سے ہونے والی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سکردو میں سیاحت کے فروغ سے اقتصادی ترقی کی نئی راہ کھل سکتی ہے، صادق سنجرانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی قیادت میں سینیٹرز نے سکردو کا نجی دورہ کیا۔ وفد میں سینیٹرز مشاہد حسین سید، محمد عبدالقادر، محسن عزیز اور سابق سینیٹر محمد جاوید عباسی شامل تھے، چیئرمین سینیٹ نے سکردو کے دلکش قدرتی مناظر اور شاندار ثقافت کا بھرپور نظارہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے سکردو میں مختلف

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پاکستان میں اب بھی پولیو کا مرض پایا جاتا ہے، نگران وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان

پاکستان میں صحت کے شعبہ میں تحقیق پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے

ہم پاکستان کے درست تاثر کو اجاگر کریں گے، صحت کے شعبہ میں بڑی تبدیلی دیکھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ پاکستان میں صحت کے شعبہ میں تحقیق پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے، صحت کے شعبہ کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے، عہدہ سنبھالتے ہی پاکستان میں صحت کے شعبہ پر خصوصی توجہ دی۔ وہ اتوار کو نیشنل ہیلتھ ریسرچ کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اب بھی پولیو کا مرض پایا جاتا ہے، بدقسمتی سے ایڈز کے کیسز بھی سامنے آ رہے ہیں، اس میں ہم کیوں پیچھے رہ گئے اس پر غور کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

افغان نستوار ایران بارڈر کی بندش بلوچستان کو کیسا زیادتی ہے، سیاسی و قوم پرست جماعتیں

صوبے میں متبادل روزگار نہ ہونے سے لوگوں نے اپنی اہلیہ کی گاڑیاں بیچ کر زمباد گاڑیاں خریدی ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

اگر اسمگلنگ روکنی ہے تو پھر بارڈر ٹریڈ کے مواقعوں کی فراہمی کے ساتھ لوگوں ایرانی پیٹرول کو قانون کے تحت لیگل کیا جائے' عبدالخالق ہزارہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی سیاسی و قوم پرست جماعتوں کے قائدین نے کہا ہے کہ پاکستان کی افغانستان و ایران کے ساتھ بارڈرز کی بندش بلوچستانیوں کے ساتھ زیادتی ہے، دنیا بھر میں بارڈر ٹریڈ ہو رہی ہے، صوبے میں متبادل روزگار نہ ہونے سے لوگوں نے اپنی اہلیہ کی گاڑیاں بیچ کر زمباد گاڑیاں خریدی ہے اگر اسمگلنگ روکنی ہے تو پھر بارڈر ٹریڈ کے مواقعوں کی فراہمی کے ساتھ لوگوں ایرانی پیٹرول کو قانون کے تحت لیگل کیا جائے تاکہ لاکھوں لوگ بے روزگار نہ ہوں، بلوچستان میں بے روزگاری سے بدامنی، چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے کے ذمہ دار متعلقہ حکام ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین عبدالخالق

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بائیڈن انتظامیہ پاکستانی سیاست میں مداخلت نہیں کر رہی، امریکی سینیٹر

اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ پاکستانی سیاست سے متعلق کچھ بھی انجینئرڈ کرنے کی کوشش نہیں ہوئی، کرس وان ہالن

واشنگٹن (این این آئی) ڈیموکریٹک پارٹی کے سینیٹر کرس وان ہالن نے کہا ہے کہ بائیڈن انتظامیہ پاکستانی سیاست میں مداخلت نہیں کر رہی۔ واشنگٹن میں پاکستانی ڈائسپورا کی تنظیم کے ڈی ایم وی چیپٹر کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں امریکی سینیٹر کرس وان ہالن مہمان خصوصی تھے۔ اس موقع پر کرس وان ہالن نے پاکستانی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک عرصے سے بائیڈن انتظامیہ کے ساتھ رابطے میں ہوں، اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ پاکستانی سیاست سے متعلق کچھ بھی انجینئرڈ کرنے کی کوشش نہیں

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: نگران وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

نواب ثناء اللہ خان زہری سے وفاقی وزیر داخلہ میر سرفراز بگٹی کی ملاقات

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے اسلام آباد میں وفاقی وزیر داخلہ میر سرفراز بگٹی، میر آفتاب بگٹی نے ملاقات کی۔ چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری نے وفاقی وزیر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

فروغ تعلیم کیلئے سو روزہ ترجیحی پلان پر بلا تاخیر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے، وزیر تعلیم

نگران حکومت کے دستیاب وقت میں ہونے والے یہ اقدامات فروغ تعلیم کی جانب ایک غیر معمولی اور تاریخی پیش رفت ثابت ہوں گے

تمام سرکاری اسکولوں خصوصاً بچیوں کے اسکولوں میں پانی، ٹوائلٹ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) نگران صوبائی وزیر تعلیم ڈاکٹر قادر بخش بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں شرح خواندگی میں اضافے اور سرکاری سطح پر معیاری تعلیم کی فراہمی کے لئے سو روزہ پلان پر بلا تاخیر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے نگران حکومت کے دستیاب وقت میں ہونے والے یہ اقدامات فروغ تعلیم کی جانب ایک غیر معمولی اور تاریخی پیش رفت ثابت ہوں گے دیرپا ثمرات سے بلوچستان کے تمام دور افتادہ علاقوں کے وہ غریب لوگ مستفید ہوں گے جن کا انحصار سرکاری تعلیمی اداروں پر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، وزیر تعلیم ڈاکٹر قادر بخش بلوچ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ تعلیمی سیمینار کا ووٹ دینے کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، ڈاکٹر عبدالحلیم سمالانی

تمام قانونی قواعد و ضوابط پورے کرتے ہوئے ٹینڈر کو بلا تاخیر کھولنے تاکہ جن پرنٹنگ پریس مالکان نے ٹینڈر میں حصہ لیا ہے وہ اپنا ٹینڈر حاصل کر کے کتابوں کی چھپائی کا کام شروع کریں

چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اپنے ذاتی مفاد کے حصول کے لئے کتابوں کے چھاپنے کیلئے اپنے منظور نظر افراد کو نوازنے کے لئے بلوچستان کی عوام سے کام لے رہا ہے، نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر + نیوز ایجنسیاں) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما پروفیسر ڈاکٹر عبدالحلیم سمالانی نے کہا ہے کہ بلوچستان پہلے ہی تعلیمی حوالے سے پسماندہ صوبہ ہے چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اپنے ذاتی مفاد کے حصول کے لئے نئی کتابوں کے چھاپنے کے لئے 21 جولائی سے اوپن ہونے والے ٹینڈروں کو اوپن کرنے کی بجائے اپنے منظور نظر افراد کو نوازنے کے لئے ٹینڈر میں حصہ لیا ہے وہ اپنا ٹینڈر حاصل کر کے کتابوں کی چھپائی کا کام شروع کریں

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

عوام کے لیے پھر پٹرول بم تیار، 15 روپے لیٹر اضافے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) اگلے ہفتے پٹرولیم مصنوعات فی لیٹر 15 روپے تک مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ ایک ہفتے کے دوران عالمی مارکیٹ میں خام تیل 5 ڈالر فی بیرل مہنگا ہو چکا ہے، ایک نجی ٹی وی کے مطابق عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی بلند ہوتی قیمتیں پاکستان میں مہنگائی کے نئے طوفان کے خدشات کو جنم دے رہی ہیں۔ ڈالر کی قیمت

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاک افغان طورخم سرحدی گزرگاہ پانچویں روز بھی ہر قسم آمد و رفت کے لئے بند رہی

پاکستان اور افغانستان حکام کے درمیان مذاکراتی میٹنگ، بارڈر کھولنے کا فیصلہ وفاق سے مشروط

دونوں ممالک کے کے وفود نے اپنے اپنے تحفظات و مطالبات ایک دوسرے کے سامنے رکھ دی

لنڈی کوتل (این این آئی) پاک افغان طورخم سرحدی گزرگاہ پانچویں روز بھی ہر قسم آمد و رفت کے لئے بند رہی، پاک افغان بارڈر طورخم زیرو پوائنٹ پر پاکستان اور افغانستان حکام کے درمیان مذاکراتی میٹنگ ہوئی، بارڈر کھولنے کا فیصلہ وفاق سے مشروط کیا گیا، دونوں ممالک نے امن کی فضا قائم کرنے پر زور دیا، دونوں ممالک کے کے وفود نے اپنے اپنے تحفظات و مطالبات ایک دوسرے کے سامنے رکھ دی، پاکستان نے بارڈر وفاقی حکومت کی اجازت سے مشروط کیا کہ ہم نے ان مطالبات

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بلوچستان اشیاء خورد و نوش کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے بھرپور اقدامات کا فیصلہ

میر علی مردان خان ڈومکی کی جانب سے سیکریٹریوں کمشنروں ڈپٹی کمشنروں اور فوڈ اتھارٹی کو احکامات جاری کر دیا گیا ہے

تمام متعلقہ محکموں کے سیکریٹریوں کمشنروں ڈپٹی کمشنروں اور فوڈ اتھارٹی کو بلا تاخیر عوام کو ریلیف دینے کا حکم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں پرائس کنٹرول ملاوٹ و ذخیرہ اندوزی اور اشیاء خورد و نوش کی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے بھرپور اقدامات کا فیصلہ کر لیا گیا، نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کی جانب سے سیکریٹریوں کمشنروں ڈپٹی کمشنروں اور فوڈ اتھارٹی کو احکامات جاری کر دیا گیا ہے اور تمام متعلقہ محکموں کے سیکریٹریوں کمشنروں ڈپٹی کمشنروں اور فوڈ اتھارٹی حکام کو بلا تاخیر عوام کو ریلیف دینے کا حکم دیدیا گیا ہے۔ گزشتہ روز بلوچستان میں پرائس کنٹرول ملاوٹ و ذخیرہ اندوزی اور اشیاء خورد و نوش کی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے بھرپور اقدامات کا فیصلہ کر لیا گیا، نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کی جانب سے سیکریٹریوں کمشنروں ڈپٹی کمشنروں اور فوڈ اتھارٹی کو احکامات جاری کر دیا گیا ہے اور تمام متعلقہ محکموں کے سیکریٹریوں کمشنروں ڈپٹی کمشنروں اور فوڈ اتھارٹی حکام کو بلا تاخیر عوام کو ریلیف دینے کا حکم دیدیا گیا ہے۔ نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تمام مخلصوں کی انتظامیہ کو

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ کے ججز کا دورہ گوادر عدالتی نظام کا معائنہ اور وکلاء کے مسائل سنے

گوادر (یو این اے) ہائی کورٹ بلوچستان کے جسٹس صاحبان جناب جسٹس نذیر احمد لانگو، جناب جسٹس اعجاز سواتی صاحب، جناب جسٹس سردار علیمی صاحب اور ریٹائرڈ جسٹس جناب عبدالحمید صاحب کی گوادر آمد گوادر بار کے وکلاء سے ملاقات، اس دوران ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

صوبے میں قوم پرستی کی سیاست کا زوال شروع ہو چکا ہے، بلوچستان میں آئیوالا دور پی پی کا ہوگا، حاجی علی مدد جتک

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن سابق صوبائی وزیر حاجی علی مدد ج

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

11 ستمبر 2023ء

بلوچستان' ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کیخلاف کریک ڈان

بلوچستان میں ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کیخلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے آپریشن کے اعلان پر کوئٹہ کے شہریوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے اور اسے ملکی معیشت کی بہتری کے لیے ایک بہترین اقدام قرار دیا ہے۔ شہریوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں خصوصاً پاک فوج کا شکریہ ادا کیا ہے اور ان کی کاوشوں کو سراتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خاتمے سے ملک میں مہنگائی میں کمی آئے گی۔ اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے یہ بہت اچھا اقدام ہے، اس آپریشن کے ذریعے اگر اسمگلنگ کو اگر روکا جائے تو عوام کے لیے اچھا ہوگا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ ذخیرہ اندوزی کے باعث مہنگائی میں بے حد اضافہ ہو گیا تھا، اس کے خلاف آپریشن پاک فوج کی جانب سے ایک بہترین اقدام ہے۔ ذخیرہ اندوزں کیخلاف کریک ڈان کا آغاز کرنے پر وہ پاک فوج اور ایف سی کو سلام پیش کرتے ہیں۔ جو لوگ بھی ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ میں ملوث ہیں ان کو سخت سے سخت سزا دی جانی چاہیے۔ ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ پر مکمل پابندی عائد کی جانی چاہیے اور اگر قانون پر عملدرآمد میں سختی کی جائے تو ملک بے مثال ترقی کر سکتا ہے۔ اس آپریشن کے باعث ڈالر کی قدر اور چینی کی قیمت میں کمی واقع ہو رہی ہے جس کا فائدہ عوام کو سہولیات کی صورت میں مل رہا ہے۔ ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کیخلاف آپریشن پاک فوج کا اچھا اقدام ہے، اس آپریشن کے اعلان کے کے بعد چینی کی بوری کی قیمت 11 ہزار روپے سے کم ہو کر 9 ہزار 2 سو روپے ہو گئی ہے۔

فوج باعثِ فخر تنقید بلا جواز (آخری قسط)

سیاستدانوں نے قوم کو منتشر کر دیا ستمبر 65 کا سا اتحاد اور جذبہ باقی نہ رہا اس لیے صرف فوج کو قصوروار ٹھہرانا مناسب نہیں ہے اس کے بعد فوج کی کارکردگی بے مثال رہی۔ جنرل ضیاء الحق کے دور حکومت میں دفاع مضبوط ہوا خالصتان تحریک کی وجہ سے دشمن ملک میں خانہ جنگی کی صورتحال پیدا ہوئی۔

روس دنیا کی دوسری بڑی طاقت تھا اس نے 1971 کی جنگ میں بھارت کی بھرپور مدد کی ہماری شکست کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے۔ روس کو افغانستان میں شکست دینا اس کے قبضہ

زبیر بسرا

سے چھ اسلامی ممالک کو آزاد کرانا فوج کا تاریخی سازکارنامہ ہے

ایٹمی طاقت بننا اور میزائل ٹیکنالوجی کا حصول فوج ہی کے باعث ہے سیاست کے نام نہاد سر خیل کی خاطر اپنی جانثار افواج کی تضحیک کرنا حماقت ہے۔

وطن کے محافظ پہ تنقید کرنا
شہادت پر اس کی تضحیک کرنا
وطن دشمنی کی ہے یہ علامت
مقاصد کے دشمن کی تائید کرنا

☆☆☆☆☆

عوامی معیشت کی بدحالی، اللہ خیر کرے

قومی معیشت کو "بیک آن ٹریک" لانے کی باتیں ہو رہی ہیں مختلف نسخے بتائے جا رہے ہیں، ٹوٹکے آزمائے جا رہے ہیں، آئی ایم ایف کے ساتھ کامیاب ڈیل پر ہمارے سابقہ حکمران، بشمول شہباز شریف، اسحاق ڈار، بلاول بھٹو، مولانا فضل الرحمن و دیگر مبارکبادیں وصول کرتے ہوئے بھولے نہیں سماتے تھے ابھی اس معاہدے کی سیاہی بھی خشک نہیں ہوئی تھی کہ عوامی معیشت زلزلے کا شکار ہونے لگی۔ طے شدہ شرائط کے مطابق بجلی، گیس کے نرخوں اور مختلف ٹیکسوں میں اضافہ ہونا شروع ہو گیا۔ بجلی گیس کی قیمتیں عملاً آسمان کو چھونے لگیں، عوام بلبلا اٹھے، حالیہ تاریخ میں پہلی مرتبہ ایسا ہوا ہے کہ عام لوگ بغیر کسی سیاسی جماعت کی کال کے، سڑکوں پر نکلے، بجلی کے بلوں کو جلایا اور ادائیگی سے انکار کیا یہ سول نافرمانی کی ابتدائی صورت ہے۔ غیر منظم انداز میں، بغیر کسی لیڈر کے عوام کا اس طرح سڑکوں پر نکلنا اور بلوں کی ادائیگی سے انکار کرنا اور اس پر مزید سرکاری اہلکاروں کو مارنا پیٹنا بغاوت کے ابتدائی آثار ہیں۔ ہمارے دانشور حکمرانوں اور ان کے پالتو ایجنٹوں نے معاملات کی تہہ تک پہنچنے اور مسائل کے حل کی طرف قدم بڑھانے کی بجائے معاملات کو ایک نئے رخ کی طرف موڑ دیا ہے۔ واپڈا کے ملازمین، چھوٹے اور بڑے اپنے اپنے گریڈوں کے مطابق مفت بجلی سے استفادہ کر رہے ہیں ان کے خلاف پروپیگنڈہ شروع کیا گیا اور معاملہ اس طرح ابھارا گیا کہ جیسے بجلی مہنگی ہونے کی کلیدی وجہ اہلکاروں و افسران کا مفت بجلی استعمال کرنا ہے اور اگر یہ رعایت واپس لے لی جائے تو معاملات درست ہو جائیں گے۔ یہ بات قطعاً غلط اور دھوکہ و فریب پر مبنی ہے ایسا کرنے سے ہزاروں نہیں لاکھوں غریب و مسکین ملازمین شدید مالی مسائل کا شکار ہو جائیں گے لیکن معاملات کا رخ بدلنے والوں کے پیش نظر بھی شاید ایسا ہی کرنا ہے جاری بدحالی اور بدامنی میں اضافے کے ذریعے پاکستان کو مزید شدید مشکلات کا شکار بنانا، فتنہ جنریشن وار کا اولین ہدف ہے اور ایسا کرنے سے معاملات مزید اسی سمت میں آگے بڑھیں گے۔ بجلی کے ہوشربا بلوں کی وجہ، بجلی کی پیداواری لاگت ہے، بجلی پیدا کرنے اور سپلائی کرنے والی کمپنیوں کی لوٹ مار ہے اس لوٹ مار کو ہم نے ریاست پاکستان نے قانونی تحفظ دے رکھا ہے۔ آئی پی پیز کے ساتھ کئے جانے والے معاہدے ہیں جن کی بنیاد پر یہ کمپنیاں بھاری قیمت وصول کر رہی ہیں۔

ذرا غور کریں، ہم نے انہیں کیپسٹی چارجز دینے کا

مصطفیٰ کمال پاشا

معاہدہ بھی کر رکھا ہے۔ یہ عجیب شے ہے کہ وہ بجلی پیدا کریں نہ کریں، ہم خریدیں یا نہ خریدیں، لیکن کمپنیاں اپنی پیداواری صلاحیت کے مطابق ہم سے وصولیاں کرتی رہیں گے۔ جاری سال 2023-24ء کے دوران اس مد میں ہمیں 2000 ارب روپے کی ادائیگیاں کرنا ہوں گی۔ یہ پیسہ کہاں سے آئے گا؟ یقیناً عوام کی جیبوں سے نکلے گا، پھر بجلی چوری کا ایک طویل سلسلہ ہے جو ایک عرصے سے جاری ہے۔

چوری کا تعلق محکمانہ نااہلی سے ہے۔ چوری میں واپڈا اور ڈسکوز کے عاملین و ملازمین ملوث ہوتے ہیں۔ کروڑوں نہیں اربوں روپے کی بجلی چوری کی جاتی ہے یہ چوری کہیں دور دراز علاقوں میں نہیں بلکہ بڑے شہروں میں سرعام ہوتی ہے اس چوری کا بوجھ بھی ایماندار صارفین کو منتقل کر دیا جاتا ہے۔ پھر لائن لاسز بھی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے گرڈ سے ترسیل کے دوران، صارف تک بجلی پہنچانے کا نظام پرانا اور فرسودہ ہونے کے باعث بجلی کی ایک مخصوص مقدار ضائع ہو جاتی ہے ایسے نقصانات بھی عام صارفین سے وصول کئے جاتے ہیں۔ یہ سب کچھ مل جل کر اس قدر بوجھل ہو گیا ہے کہ عوام کی بس ہو گئی ہے اب ان کی ادائیگیوں کی استعداد مکمل طور پر جواب دے گئی ہے۔ پٹرولیم کی قیمتوں میں مسلسل اور بے دھڑک اضافہ بھی کسی جان لیوا اقدام سے کم نہیں ہے لیکن حکومت اس مد میں بے دھڑک انداز میں اضافہ کئے چلی جا رہی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں بھی مسلسل بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ عوامی معیشت کے لئے قاتل بن چکا ہے۔

حکمران اپنی نااہلیوں اور نااہلیوں کا بوجھ مسلسل عوام پر ڈال رہے ہیں کیونکہ عوام یہ سب کچھ برداشت کرتے رہے ہیں اس لئے حکمران بے دھڑک من مانیاں کرتے چلے آ رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس بار عوامی غم و غصے کا اظہار ہوا۔ عوام سڑکوں پر نکلے، احتجاج ہوا۔ بغاوت کے آثار پیدا ہوئے تو حکمرانوں نے نوشتہ دیوار پڑھنے کی بجائے بقول وزیراعظم بجلی بلوں کا مسئلہ بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے، فوج میں کوئی فری بجلی استعمال نہیں کر رہا ہے، مہنگائی ضرور ہے لیکن اتنی نہیں کہ پہیہ جام ہڑتال ہو، کہنا شروع کر دیا ہے یہ حقائق سے آنکھیں بند کرنے اور منہ موڑنے کی باتیں ہیں۔

عوامی معیشت بالفعل ڈیفالٹ کر چکی ہے۔ عوام حکمرانوں کی بے اعتدالیوں، عیاشیوں اور نااہلیوں کا بوجھ اٹھانے کے قابل بھی نہیں رہے اور آمادہ بھی نہیں ہیں انہوں نے اب مزاحمت کا فیصلہ کر لیا ہے۔ وزیراعظم کا بیان حقائق سے منہ موڑنے کے مترادف ہے، بے حسی کا عکاس ہے ویسے یہ بات تو تاریخی اعتبار سے بھی درست ہے کہ نااہل و کرپٹ حکمران عام طور پر عوامی موڈ جاننے میں ناکام رہتے ہیں حتیٰ کہ بغاوت ہو جاتی ہے جذبات اہل کر ہر شے کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ ایسی ہی تاریخ اپنے آپ کو یہاں پاکستان میں دہرانے جا رہی ہے۔ عوامی غصہ، بغاوت کی شکل اختیار کرتا نظر آ رہا ہے جبکہ حکمران مکمل طور پر بے حس اور بے عمل نظر آ رہے ہیں۔ اللہ خیر کرے۔

وزیراعظم صاحب مہنگائی بہت ہے

فرمایا ہے وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہ مہنگائی اتنی بھی زیادہ نہیں کہ ملک میں پہیہ جام ہڑتال ہو، کاکڑ صاحب کی اس بات کو تباہی عارفانہ سے تعبیر کیا جائے تو بے جا نہیں ہوگا۔ مہنگائی نے عوام کے کڑاکے نکال دیئے ہیں، اُن کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے، روٹی دال کے لالے پڑ چکے ہیں اور وزیراعظم کہہ رہے ہیں ایسی تو کوئی بات نہیں، گویا سب اچھا ہے۔ یہ اُسی کھیے کی توسیع ہے جس کے تحت یہ کہا جاتا رہا ہے کہ روٹی نہ ملے تو ڈبل روٹی کھا لو، سالن دستیاب نہ ہو تو برگر سے پیٹ بھر لو۔ ادھر وزیراعظم پریس بریفنگ میں مہنگائی سے انکار کر رہے تھے اُدھر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے تکر چل رہے تھے۔ پٹرول 305 روپے لٹر تک پہنچ گیا ہے یہ ملکی تاریخ میں پہلی بار ہوا ہے اس سے پہلے ڈالر کی اڑان بھی تاریخی ریکارڈ قائم کر چکی ہے اگر یہ ریکارڈ بھی اس بات کو ثابت نہیں کرتے کہ ملک میں مہنگائی بہت بڑھ گئی ہے تو پھر عوام کو صبر شکر کر کے بیٹھ جانا چاہئے۔ حاکم وقت اگر سامنے کی حقیقت کو تسلیم ہی نہ کرے تو آپ اُس سے بہتری لانے کی توقع کیسے رکھ سکتے ہیں۔ بات صرف بجلی کے بلوں تک محدود نہیں، ہر چیز عوام کی دسترس سے نکل گئی ہے۔ ایک خبر کے مطابق پنجاب میں کچھ عرصے کے دوران 47 افراد غربت اور مہنگائی کے ہاتھوں مایوس ہو کر خودکشی کر چکے ہیں، یہ تو وہ ہیں جنہوں نے موت کو گلے لگا لیا، نجانے وہ کتنے ہیں جو زندہ لاشیں بنے ہوئے ہیں۔ آپ بازار میں نکلیں تو دیکھیں کہ کتنے مرد و زن آپ کی طرف بھکاری بن کر لپکتے ہیں، روزگار ہے نہیں جن کے پاس ہے، اُن کی محدود وسائل میں پوری نہیں پڑتی۔ ایک زمانہ تھا کہ تھوڑی سی مہنگائی پر بھی حکومت تسلیم کر لیتی تھی کہ مہنگائی بہت ہے، جس کا حکمرانوں کو احساس ہے، اب مہنگائی چاروں طرف منہ کھولے کھڑی ہے، لیکن وزیراعظم اُس سے انکار کر رہے ہیں۔ بہتر تو یہی ہوتا ہے کہ اگر آپ کے پاس عوام کو مطمئن کرنے کے لئے کچھ نہیں تو اپنی زبان نہ کھولیں، کیونکہ جب حاکم وقت کی زبان سے غریبوں کو مایوسی یا خلاف

نسیم شاہد

حقائق باتیں سننے کو ملتی ہیں تو انہیں دہری تکلیف ہوتی ہے، بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا کہ انہیں یوں لگتا ہے جیسے زخموں پر نمک چھڑکا جا رہا ہو۔

یہ وہ دور ہے جب مہنگائی سے انکار کرنے کے لئے بڑی ہمت چاہئے۔ وزیراعظم کا منصب تو ویسے ہی ایک ایسی چکا چوند کا استعارہ ہے جس میں ہر طرف روشنیاں ہی ہوتی ہیں۔ انوار الحق کاکڑ نے اسی پریس بریفنگ میں کہا کہ وہ کچھ عرصے کے لئے آئے ہیں پھر اسی حلقے میں واپس چلے جائیں گے جو اُن کی اصل ہے، بہتر تو یہی ہو گا کہ وہ خود کو اپنے اصل سے الگ نہ کریں، غور کریں کہ بلوچستان کے ان غریب عوام پر اس مہنگائی کی وجہ سے کیا گزر رہی ہوگی جن کی وہ بلوچستان عوامی پارٹی میں رہ کر نمائندگی کرتے رہے ہیں۔ آٹا جو غریبوں کا بھرم رکھ لیتا تھا اور وہ دو وقت کی روٹی پانی کے ساتھ بھی کھا لیتے تھے، اب اُن کی پہنچ سے دور ہو چکا ہے۔ سب سے بڑی مہنگائی یہ ہوئی ہے کہ جب لوگوں کو پیٹ بھرنے کے لئے بھی کچھ نہ ملے، چینی کی قیمت دو گنا ہو گئی، کیا اس سے بھی اندازہ نہیں ہوتا کہ مہنگائی بہت ہو گئی ہے۔ بجلی کے بل دوگنا سے زائد آ رہے ہیں، یہ کیا مہنگائی کی علامت نہیں، کیا شہر شہر لوگ اس گرمی و حبس میں صرف موج میلے کے لئے سڑکوں پر نکلے ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے فرمایا ہے کہ بل تو دینے پڑیں گے۔ عوام نے بل دینے سے کب انکار کیا ہے۔ ہمیشہ بل ہی تو دیئے ہیں یہ اشرافیہ تھوڑی ہے جسے ہر شے مفت مل جاتی ہے، لیکن عوام سے اتنے بل لئے جائیں جتنے وہ دینے کی سکت رکھتے ہیں۔ اگر بل اُن کی بساط سے باہر ہیں، اُن کے منہ سے نوالہ تک چھین رہے ہیں تو وہ کیسے ادا کریں۔ زمینی حقیقت سے ماورا فیصلے معاشرے میں انارکی پھیلاتے ہیں، اُن سے گریز ہی بہتر ہے۔ یہ درست ہے کہ کسی حکومتی منصب پر آ کر بہت کچھ وہ بولنا پڑتا ہے، جو خلاف حقیقت ہوتا ہے، لیکن منصب کے کچھ تقاضے بھی ہوتے ہیں اور ماضی کے کچھ حوالے بھی جنہیں پیش نظر رہنا چاہئے۔

اسی پریس بریفنگ میں ایک صحافی وزیراعظم کے نوٹس میں یہ بات بھی لا چکے ہیں کہ بجلی کا بل ادا کرنے کے لئے کوئی اپنے گھر کا زیور بیچ رہا ہے اور کوئی سامان فروخت کر رہا ہے۔ اس حال تک آخر عوام کو کس نے پہنچایا ہے۔ وزیراعظم نے اس حوالے سے کہا تو درست ہے (جاری ہے)

یونس گل کا "درد" بولتا ہے

دنیائے شعر و سخن کی کہکشاؤں کی آب و تاب، چمک دمک، رخشندہ و تابانی اور جگمگاہٹ میں لاکھوں ماہ و انجم اپنی جھلملاہٹ سے نور و رعنائی کا سماں باندھے ہوئے ہیں،

بقول شخصے صانع و قلم نے بہت خوبصورت کائنات تخلیق کی ہے جس میں انسانی کردار کی حیثیت کلیدی ہے۔ قدرت نے اسے شعور و خرد کی دولت سے مالا مال رکھا ہے۔ اور اس پہ طرہ یہ کہ حضرت انسان کو اپنے فہم و ادراک کے اظہار کی قوت بھی عطا فرمائی۔ لہٰذا جب سے حیات کا آغاز ہوا اور انسان نے گفتگو کے آداب سیکھے تو ساتھ میں سخن وری کے مظاہر بھی منصۂ شہود ہونے لگے۔

اردو زبان و ادب کا پھیلاؤ اس اعتبار سے وسعت آمیز رہا کہ یہ دنیا کی تیسری بڑی زبان کے طور پر ابھری، تاہم اسے جواں سال زبان قرار دیا جا سکتا ہے۔

السنۂ عالم میں یہ واحد زبان ہے جس کا حسن و شباب مسلسل ☒ م گردانا جاتا ہے۔

سرزمین پاک میں شعراء و ادباء کا ایک لشکر جرار ہے۔ جو شعری و ادبی کاوشوں میں مصروف و منہمک ہے۔ ان میں یونس گل کا نام گرامی بھی عزت و توقیر سے لیا جاتا ہے۔ یونس گل کا حالیہ دنوں میں یک ردیفی شعری مجموعہ "درد" کے نام سے منظر عام پر آیا ہے۔

یونس گل کی شاعری کا یہ منفرد انداز اس قدر خوبصورت ہے کہ قاری اُن کے اشعار سانس لیے بغیر پڑھے چلے جاتا ہے۔ اور وجدانی کیفیات سے لطف انداز ہوتا ہے۔

یونس گل کے ردیفی تجربات نئی نسل کے لیے مشعل راہ۔ ہیں، کل۔ کوئی نوجوان شاعر سنگلاخ چٹانوں پر قدم رکھتا ہوا ادب کی بلندی پر پہنچنے کی کوشش ضرور کرے گا۔

میری رائے میں شاعری وہ صنف ادب ہے جو دلوں کی۔ آبشار۔ سے نکل کر دلوں کی زمین میں پیوستہ ہونے کی طاقت رکھتی ہے۔

ادبی ناقدین کا خیال ہے کہ شعر کہنا بہت مشکل کام ہے لیکن شعر لکھنا بہت آسان ہے۔

یونس گل نے لفظ "درد" کی ردیف منتخب کر کے اردو شاعری میں نئی مثال قائم کی ہے۔

درد سے قبل ان کا ایک اور یک ردیفی شعری مجموعہ نو بہ نو منصۂ شہود پر آ چکا ہے۔

چیئرمین یونین آف رائٹرز پاکستان فضل محمود نے یونس گل کی شاعری بارے کہتے ہیں کہ یونس گل زود نویس نہیں ہیں، ان کی پوری کی پوری شاعری مشن سخن کا نتیجہ ہے۔ یونس گل کی شاعری سادگی و سلاست، ابلاغ کی فراوانی اور مختصر بحور کے خوبصورت استعمال سے منفردیت کی معراج چھو چکی ہے۔

ارشد نعیم لکھتے ہیں۔۔۔۔۔۔

جس اسلوب کو۔ یونس گل نے اپنایا ہے، اس طرح کے تجربات شاعری کی ریاضت اور آورد یہ پہ کامل دسترس رکھنے سے ہی ممکن ہے۔ کیونکہ غزل تو پہلے ہی اپنے ہیئتی ڈھانچے کے حوالے سے ایک ہتگنائے ہے کہ شاعر کا۔ مطلع میں دی گئی ردیف کی قید سے باہر نہیں نکلا جا سکتا۔ اور میں حیران ہوں یونس گل نے یہ مشکل ترین کام کتنی آسانی سے سرانجام دے لیا ہے۔

ہمارے ہاں غزل میں نت نئے تجربات کئے گئے ہیں لیکن یونس گل نے شعر و سخن کی دنیا میں نئی طرح ڈال دی ہے جو قابل ستائش بھی ہے اور قابل تعریف بھی ہے۔ اگر ہم پاکستان میں غزل کی روایت کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ غزل کا قافلہ انجمن ترقی پسند مصنفین، حلقہ ارباب ذوق، حلقہ ادب اسلامی، پاکستانی ادب اور لسانی تشکیلات کی تحریکوں اور کئی انفرادی رجحانات اور رویوں سے افذ و استفادہ کر کے سفر کی دہائی میں ایک نئے منطقے میں داخل ہوتا ہے جہاں تازہ کار شاعروں کا ایک گروہ اس کے لیے نئی بشارتوں کے در وا کرتا دکھائی دیتا ہے۔ ستر کے بعد کی غزل اپنے موضوعات، اسالیب، لفظیات اور تکنیک کے اعتبار سے جدید غزل سے مختلف ہے۔ جدید غزل نے ساٹھ کی دہائی میں واقعیت زدگی کے رجحان کی لپیٹ میں آ کر اپنا تشخص کھو دیا اور جدید شعرا نے جدت کے شوق میں غزل کے منظر نامے پر ایسی مضحک تصویریں پیش کیں جو اس صنف کے مزاج سے کسی طور ہم آہنگ نہ تھیں۔ عام طور پر اس رجحان کی حامل غزل کو جدید غزل کا رد عمل قرار دے کر اسے "جدید تر غزل" کا نام دیا گیا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ غزل بدیہی طور پر جدید غزل سے نجوی ہوئی ہے۔ جدید تر غزل یا مابعد جدید غزل کا اطلاق ستر کی دہائی میں ابھرنے والی غزل پر ہوتا ہے جو اپنے ظاہر اور باطن کے لحاظ سے جدید غزل سے مکمل طور پر الگ حیثیت کی حامل ہے۔ جدید تر غزل نے اپنی شناخت کے لیے نہ تو لسانی تجربوں کو بنیاد بنایا ہے اور نہ واقعیت زدگی ایسے رجحانات کو، اس میں رنگ میری کی بازیافت کی شعوری کوشش کا عمل دخل نظر آتا ہے نہ یہ اسالیب غالب و اقبال کے بوجھ تلے دبی ہوئی ہے۔ یہ غزل اپنے رنگ و روغن اور ظاہر و باطن کے لحاظ سے مختلف اور منفرد ذائقہ رکھتی ہے۔ جدید تر غزل نے غزل کی روایت کو استحکام اور توانائی عطا کی ہے۔ فنی اعتبار سے جدید تر غزل نے اظہار کے جن قرینوں کو رواج دیا ہے وہ غزل کی تابانی کو بہت دیر تک قائم رکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ جدید تر غزل میں ترکیب سازی، علامات و استعارات کا استعمال اور پیکر تراشی کے رجحانات ایک نئی صورت میں ظاہر ہوئے ہیں۔ ان تکنیکی عناصر کے باعث نئے معنوی تناظرات اجاگر ہوئے ہیں جو عصری میلانات اور جدید حسیت کی موثر پیش کش میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ علامتی اور استعاراتی اظہار نے غزل کی تہ داری اور رمزیت میں اضافہ کیا ہے۔ جدید تر غزل میں تلمیحات کا استعمال ایک خاص انداز سے سامنے آیا ہے۔ قدیم تاریخی اشارے اور تلمیحات نئے سیاق و سباق میں گندھے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ جدید تر غزل میں اوزان و بحور کا تنوع دیدنی ہے۔ شعرا نے مروج اوزان میں ارکان عروضی کی کمی بیشی سے آہنگ کی نئی اور خوش آیند صورتوں کو رواج دیا ہے۔ اوزان و بحور کے ان تجربوں کے باعث عروضی نظام کا جمود تحرک آشنا ہوا ہے۔ جدید تر غزل کی تعمیر و تشکیل میں جن شعرا نے اہم کردار ادا کیا اور تکنیکی، اسالیبی اور صوتی حوالوں سے غزل کے نئے آفاق کی بشارت دی، ان میں یونس گل کے شعری مجموعے "نو بہ نو" اور "درد" کے بعد آئندہ منظر عام پر آنے والے مجموعے "بھوک" کا حوالہ بھی اردو شاعری میں بصد۔ احترام لیا جائے گا۔

میں سمجھتا ہوں
غزل ادب کی جمالیاتی صنف کا نام نہیں ہے بلکہ غزل تاریخ، روایت، زبان، ادب، اور جمالیات کے ایک ارتقا کا نام ہے۔ جس میں ایشیا کی بہت سی تہذیبوں کی جمالیات، ترقی اور ارتقا کے عمل سے گزر کر موجودہ قالب میں ڈھلی۔ غزل کو بہت سے لوگ اب روایت سے جڑے رہنے کی کڑی شمار کرتے ہیں۔ یہ بات قابل قبول ہے کہ غزل دیگر اصناف ادب کے مقابلے میں روایت سے زیادہ جڑی ہوئی ہے۔ لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس میں بھی بے شمار تبدیلیاں آئی ہیں۔

یونس گل کے چند دل کو چھو لینے والے اشعار قارئین کی نذر۔۔۔۔

شام کو گھر نہیں گئے درد
راستے میں کیا مر گئے درد
چاند کیسے نکل کے آیا ہے
یہ ستارے نہیں بجھتے درد
حال تیرا سنا گئے ہیں درد
مجھ کو پاگل بنا گئے ہیں درد
ہر کسی نے سنی صدائے درد
یوں چلی شہر میں ہوائے درد
یہ تو ہیں تیری بے رخی کے درد
یہ تو ہیں نہ خوشی کے درد
پھر رہے ہیں کہیں یہ پیاسے درد
ہے سمندر کے یہ تماشے درد
دے گئے جو مجھے زمانے درد
بن گئے وہ مرے حوالے درد
بن گئے چاند پھول شبنم درد
جسم کے گرد لپٹا ریشم درد
رات مشکل ہے کہ سویرا درد
دیکھو جنگل میں ہے اندھیرا درد
یہ یہاں کا ہے کہ وہاں کا درد
دل اٹھا لایا ہے کہاں کا درد

☆☆☆☆☆

قیدی نمبر 804

اٹک جیل میں یہ قیدی نمبر 804 کون ہے، اور کس جرم میں سزا کاٹ رہا ہے؟ مخالفوں نے ہنوز اس کی جان نہیں چھوڑی اور متواتر کہتے جاتے ہیں کہ اس کے جرائم کی فہرست خاصی طویل ہے آج سابق وزیراعظم عمران خان کو عدالت نے مالی کرپشن کا ذمہ دار ٹھہرا کر قید و بند میں رکھا ہے سانحہ 9 مئی مسلح بغاوت کے الزامات کے بعد چیئرمین، تحریک انصاف کے کارکن اور کئی رہنما، عدالتوں میں مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں گناہ بے گناہی آنے والا وقت ثابت کرے گا ریاستی اداروں کے ساتھ جو ہوا ناقابل معافی افسوس ناک شرم ناک ہے۔

اصل ملزمان کو قرار واقعی سزا ضرور ملنی چاہئے کل ذوالفقار علی بھٹو شہید کو پھانسی گھاٹ پر چڑھایا گیا تھا ان پہ بدعنوانی کی کوئی دفعہ لاگو نہیں ہو سکتی تھی وہ عدالت میں عداوت سے مارا گیا وہ اعلیٰ تعلیم یافتہ، روشن دماغ، قوم پرست اور خواب دیکھنے دکھانے والا لیڈر تھا میاں نواز شریف کوٹ لکھپت جیل میں قیدی نمبر 4470 قرار پائے تھے حسن معاشرت، درد مند وطن دوست، خاموش مصلحت! انہوں نے بھی ملک کو آگے لے جانے کا عزم کر رکھا تھا امریکی تنبیہ کے باوجود انڈیا کے مقابلے میں دھماکہ کر دکھایا جانے اس کا جرم کون سا ہے؟ سی پیک، ایٹمی دھماکہ، عوامی مقبولیت یا سول بالا دستی کا خواب؟ شائد تاریخ اسے بھی ضمیر کا قیدی قرار دینے جاری ہے میاں نواز شریف تقریباً 40 سال سے سیاست میں ہیں اور تین مرتبہ وطن عزیز کے وزیراعظم رہے ہیں گمان بلکہ ایمان کہتا ہے کہ جلدی بے گناہی کا پروانہ پھر ان کے ہاتھ میں ہوگا ایک بار قبل بھی عدالتوں اور عداوتوں سے سرخرو ہو چکے ہیں۔

ملک و قوم کو ان کی خدمات اشد ضروری ہیں برطانیہ سے جلد واپس عوام میں ہوں گے مملکت خداداد پاکستان اس وقت کی غیر یقینی صورت حال سے گزر رہا ہے پی ڈی ایم حکومت رخصت ہوگئی مشکل حالات میں سابق وزیراعظم میاں شہباز شریف اور ان کی ٹیم نے ملک کو معاشی ڈیفالٹ ہونے سے بچایا پاکستان کی تاریخ میں

احمد جواد بٹ

شائد پہلے وزیراعظم ہیں جو باوقار طریقے سے رخصت ہوئے۔

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور ان کی کابینہ نے حکومتی معاملات سنبھال لئے ہیں قوم کی امیدیں وابستہ ہیں مہنگائی اور بیروزگاری میں کمی ہو منصفانہ بروقت انتخابات کا انعقاد ہونا چاہئے۔ میڈیا پہ دیکھا سابق ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل (ر) سردار فیض حمید صاحب کو سائفر کیس میں عمران خان کے ساتھ جوڑنے کی سازش کی جا رہی ہے سائفر وزارت خارجہ اور حکومت وقت کا معاملہ ہے یہ ایک تلخ حقیقت ہے ان کو پاکستان کی سیاست نے متنازعہ بنایا دوران سروس محاذ افغانستان کے غازی نے دشمن ملک انڈیا کے متعدد کیمپ افغانستان میں دہشت گردوں کو ٹریننگ دینے والے تباہ کئے یقینی طور پر ملک میں دہشت گردی کم ہوئی تھی بے بنیاد الزام تراشی گھٹیا مہم بند ہونی چاہئے دوسری تھا جس کے اوپر ان کی دستار بندی ہے دوسری ہے جو وہ جھکا نہ سکے دفاع وطن ملک و قوم کے لئے ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں چند دن پہلے بزرگ سیاستدان سابق سپیکر قومی اسمبلی چودھری حامد ناصر چٹھہ کے گھر احمد نگر چٹھہ اینٹی کرپشن ہمراہ پنجاب پولیس کے تقریباً ایک سو پچاس شیر جوانوں نے ایس پی گوجرانوالہ قیصر مشتاق کی قیادت میں ریڈ کیا گیا تحریک انصاف کے رہنماء نوجوان قیادت محمد احمد چٹھہ پہ اپنی وراثتی زمین بیچنے کی واداش میں بے بنیاد مقدمہ قائم کیا گیا ایک سال قبل وزیرآباد میں عمران خان کے کنٹینر پہ قاتلانہ حملے میں گولی لگنے سے محمد احمد چٹھہ زخمی ہوئے میں سوچتا ہوں کہ خدانخواستہ محمد احمد چٹھہ کو کچھ ہو جاتا تو تاریخ میں کیا لکھا جاتا؟ یہی کہ اپنے انتخابی حلقے میں مفاد عامہ کے میگا پراجیکٹ کی سوغات دینے والے کو گناہی و بے گناہی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے؟ محمد احمد چٹھہ فرشتہ نہیں، ایک انسان ہے انسان بس انسان ہوتے ہیں خوبیوں اور خامیوں کا مجموعہ! چودھری حامد ناصر چٹھہ خاندان نے ہمیشہ علاقے میں پُرامن سیاست کی اپنی وراثتی جائیداد لاکھ کے اپنے کارکنوں اور ساتھیوں پہ خرچ کیا بلٹ اور جھوٹے مقدمات کی سیاست کو تاریخ گواہ ہے کبھی عوامی پذیرائی نہیں ملی پوری دنیا میں بسنے والے لاکھوں پرستار سخت تشویش میں مبتلا ہیں آخر ہم کس سے اور کیوں انتقام لے رہے ہیں؟ کس چیز کا انتقام؟ چٹھہ صاحب کی وضع داری، سادہ طبعی، عوام دوستی اور نیک نیتی سے کون آگاہ نہیں! کون آگاہ ہے؟ یہ جاننے کے لئے بہت گفتگو کی جا سکتی ہے اور کی جاتی رہے گی وہ پاکستانی سیاست کی ایک زندہ حقیقت ہیں اور حقیقت یہ بھی ہے کہ انہیں تاریخ سے نکال باہر نہیں کیا جا سکتا صاف ستھرے سیاستدانوں کو ریاست پرامن سیاست کرنے کا حق ضرور دے!

☆☆☆☆☆

گورکھ دھندا

ہر سال جون کے مہینے میں عوام سے لیکر حکومتی ایوانوں تک ہر چیز وفاقی بجٹ کے گرد گھومنا شروع کر دیتی ہے، سرکاری ملازمین کی نظریں تنخواہوں میں اضافے پر مرکوز ہوتی ہیں، جبکہ ریٹائرڈ افراد پنشن بڑھنے کے اعلان کا انتظار کرتے ہیں، کاروباری افراد ٹیکسوں میں ریلیف اور صنعتوں کیلئے مراعات کی امیدیں لگا کر بیٹھ جاتے ہیں اور گاڑیوں کے شوقین کسٹم ڈیوٹیوں کی شرح میں کمی بیشی کیلئے بے چین نظر آتے ہیں۔ تاہم بیوروکریسی کی "ک

شال بقیہ 1

بازیابی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ 6 مقامی فٹبالرز کو ڈیرہ بگٹی سے بسی جاتے ہوئے گزشتہ روز جانی بیڑی کے قریب اغوا کر لیا گیا تھا۔ دریں اثناء نگران وفاقی وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی نے رات میں ڈاکوؤں کے ساتھ مقابلے میں پولیس کانسٹیبل عدیل ظفر کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کو یہاں جاری بیان میں وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ فرض کی راہ میں جام شہادت نوش کرنے پر کانسٹیبل عدیل ظفر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور وہ زخمی ہونے والے کانسٹیبل عاشر اور عادل کی جلد صحت یابی کیلئے دعا گو ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ زخمی کانسٹیبلز کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ پولیس اہلکاروں نے کمال بہادری کے ساتھ ڈاکوؤں کا مقابلہ کیا اور تین ڈاکوں کو ہلاک کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی حفاظت کیلئے اپنی جان جوکھوں میں ڈالنے والے تمام اہلکار ہمارے ہیرو اور محسن ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ اس حوالے سے نگران وزیر کھیل نواب زادہ جمال رئیسانی نے نوٹس بھی لیا تھا۔ جمال رئیسانی نے ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی سے رابطہ کر کے کھلاڑیوں کی بازیابی یقینی بنانے کا کہا تھا۔ دوسری جانب نگران وفاقی وزیر داخلہ میر سرفراز بگٹی کہتے ہیں کہ مغویوں کی بازیابی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، گزشتہ روز ہی تمام سیکورٹی اداروں کو بازیابی کے لئے اقدامات کے احکامات جاری کر دئے تھے، گزشتہ روز سے ہی پورے علاقے کی ناکہ بندی کر کے مغویوں کی بازیابی کے لئے آپریشن جاری ہے، وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ بدامنی پھیلانے والوں کی گردیں قانون کے شکنجے سے نہیں بچ سکتیں مغوی ہمارے بچے ہیں انکی بازیابی تک سکون سے نہیں بیٹھوں گا۔

شال بقیہ 2

ملاوٹ کے مرتکب عناصر سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے وزیر اعلیٰ نے پولیس کو ضلعوں کی سطح پر کاروائیوں کے لئے فوڈ اتھارٹی ٹیموں کو مناسب سکیورٹی فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے وزیر اعلیٰ کا کہنا ہے کہ ملاوٹ سے پاک معیاری خوراک کا حصول عوام کا حق اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے زخیرہ اندوز گرانفروش اور ملاوٹ کے مرتکب عناصر معاشرے کا ناسور ہیں ان ناسوروں سے معاشرہ کو پاک کرنے کے لئے کسی بھی حد تک جائیں گے نگران وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ متعلقہ محکمے ادارے اور انتظامیہ میدان عمل میں آ کر عوام کے حقوق و مفادات کا تحفظ یقینی بنائیں نگران وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ سماجی و معاشی اور اخلاقی گراوٹ کی وجہ ذاتی مفادات کا حصول اور ناجائز منافع خوری ہے تاہم عوام کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں اسکے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔

شال بقیہ 3

دوران جان اچکزئی کا کہنا تھا کہ گرمی اور ایرانی تیل کے حوالے سے کریک ڈان کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حوالہ اور ہنڈی ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے، کوئٹہ کے ایک علاقے سے 1 کروڑ ڈالرز سے زیادہ ریکور کیے۔ نگران وزیر اطلاعات بلوچستان نے مزید کہا کہ بارڈر مینجمنٹ پر کام کر رہے ہیں، ایرانی تیل 5 ارب مالیت کا بزنس بن گیا ہے، بلوچستان میں 500 سے زیادہ ایرانی پمپس بند کر دیے ہیں۔ جان اچکزئی کا کہنا تھا کہ ہم ایرانی تیل کے نیٹ ورک کو ختم کریں گے، سندھ حکومت سے بھی سپلائی لائن منقطع کرنے کیلئے مشترکہ کوشش کر رہے ہیں صوبائی نگران وزیر نے کہا کہ اسمگلنگ کا خاتمہ آرمی چیف کے وژن کا حصہ ہے، اسمگلنگ میں ملوث افراد کو ملک بدر کریں گے۔ انھوں نے کہا کہ غیر قانونی افغان پناہ گزینوں کی وجہ سے امن و امان خراب ہو رہا ہے، کس افغان پناہ گزین کو رکھنا ہے اور کسے نہیں رکھنا ابھی تک یہ واضح نہیں ہو سکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل ہماری ترجیح ہے، کھیل کے شعبے کے فروغ کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بلوچستان کے مسائل کا حل ترجیح ہے، کھیل کے شعبے کے فروغ کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، سمگلنگ کی روک تھام کیلئے بلوچستان حکومت عملی اقدامات کر رہی ہے، چمن، کرنی کی سمگلنگ کے خلاف کارروائیں کی جاری ہیں۔ جان اچکزئی نے کہا سمگلنگ سے حاصل ہونے والی رقم دہشتگردی کیلئے استعمال ہوتی ہے، سمگلنگ کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے، سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے، بلوچستان میں امن و امان کا قیام ہر صورت یقینی بنائیں گے، عوام کی فلاح و بہبود نگران حکومت کی ترجیح ہے۔

شال بقیہ 4

نے اس شہر کو ایک قطرہ بھی پانی نہیں دیا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ہم کندھے پر لاشیں اٹھا کر الیکشن لڑنے کے عادی ہیں، ہم الیکشن سے نہیں بھاگیں گے، مگر اگر ہمارے چند اتحادی الیکشن سے بھاگ رہے ہیں تو انہیں بھاگنے دیں، کیونکہ جب آپ الیکشن نہیں لڑتے تو آپ کی سیٹ کوئی اور لیجاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ایم کیو ایم کو بلدیاتی الیکشن لڑنے کا کہا لیکن وہ نہیں مانے، میں ان سے بھیک مانگتا رہا کہ اپنی جگہ پی پی آئی کو نہ دو، صرف ہاؤس پکڑنے کی کسر رہ گئی تھی، مگر وہ ذکر پیچھے ہٹ گئے، آج بھی 18 ماہ سے اپنے تمام اتحادی ساتھیوں سے بار بار کہہ رہا ہوں کہ ڈرو گے تو مرو گے، مگر افسوس کی بات ہے کہ ہمارے سیاسی اتحادی ڈر چکے ہیں اور خوف زدہ ہیں، وہ شاید عام انتخابات سے بھی بھاگنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا پی پی آئی کو پیغام ہے کہ ہم آپ سے نہیں ڈرتے ہم مقابلہ کرنے آ رہے ہیں، میں پی پی آئی کا مقابلہ نگران وزیر اعظم کی طاقت سے نہیں بلکہ عوام کی طاقت سے کروں گا، پیپلز پارٹی کی کردار کشی گزشتہ تین نسلوں سے ہوتی آ رہی ہے، آج بھی جھوٹا پروپیگنڈا پنجاب اور پشاور میں ہو رہا ہے۔

شال بقیہ 5

ہدایت کی کہ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو فوری فعال کر کے گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے چینی یوریا اور دیگر اشیا ضرورت کی سمگلنگ اور زخیرہ اندوزی کے خلاف نتیجہ خیز کارروائی کی جائے۔ اشیا خوردوش میں ملاوٹ کے مرتکب عناصر سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے۔ ضلعوں کی سطح پر کاروائیوں کے لیئے فوڈ اتھارٹی ٹیموں کو مناسب سکیورٹی فراہم کی جائے ملاوٹ سے پاک معیاری خوراک کا حصول عوام کا حق اور انتظامیہ کی ذمہ داری ہے زخیرہ اندوز گرانفروش اور ملاوٹ کے مرتکب عناصر معاشرے کا ناسور ہیں ان ناسوروں سے معاشرہ کو پاک کرنے کے لیئے کسی بھی حد تک جائیں گے۔ متعلقہ محکمے ادارے اور انتظامیہ میدان عمل میں آ کر عوام کے حقوق و مفادات کا تحفظ یقینی بنائیں۔ سماجی و معاشی اور اخلاقی گراٹ کی وجہ ذاتی مفادات کا حصول اور ناجائز منافع خوری ہے اعوام کا استحصال کسی صورت برداشت نہیں۔ ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے عوامی مفادات کے تحفظ میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ افسران اور عملہ اپنی کارکردگی بہتر بنائیں بصورت دیگر انکے خلاف بھی کاروائی کی جائے گی۔

شال بقیہ 6

آمدن دہشت گرد استعمال کرتے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ بارڈر سے ملحقہ علاقوں میں 76 ڈیلرز تیل اسمگلنگ میں ملوث ہیں، ملک بھر میں 995 پمپس ایرانی تیل کی فروخت کا دھندہ کرتے ہیں۔ ایران سے تیل ایرانی گاڑیوں میں اسمگل ہو کر پاکستان آتا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ایرانی تیل کی اسمگلنگ میں 90 سرکاری حکام بھی ملوث ہیں جبکہ 29 سیاستدان بھی اسمگل پٹرول کی فروخت کے گندے دھندے کا حصہ ہیں۔

شال بقیہ 7

تاکہ تعلیم سال کے آغاز پر تعلیم سال شروع ہونے سے قبل بلوچستان کے طول و عرض میں موجود سرکاری سکولوں کے طلباء و طالبات کو درسی کتب کی بروقت فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ یہاں جاری ہونے والے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت آئے روز میڈیا کے ذریعے بلوچستان کی تعلیمی پسماندگی کا رونا تو روتے ہیں لیکن تعلیمی اداروں میں اپنے ذاتی مفاد کی تکمیل کے لئے بیٹھے ہوئے آفیسران جو کہ تعلیمی پسماندگی کو دور کرنے کی بجائے اور اس کی بہتری کے لئے کام کرنے والوں کو سہولت دینے کی بجائے ان کو مشکلات سے دوچار کرتے ہیں جس طرح چیئرمین بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ اور اپنے ماتحت آفیسران کے ساتھ ملکر 21 جولائی سے کھلنے والے ٹینڈروں کے حوالے سے اس میں حصہ لینے والوں سے اپنا کمیشن طے کرنے کے لئے مختلف حیلے بہانے کر کے 2 مہینے کی تاخیر کر کے ٹینڈر کو منسوخ کرنے کے لئے غیر قانونی، غیر آئینی ہتھکنڈے استعمال کرتے ہوئے بلوچستان میں تعلیمی پسماندگی کو دوام دینے کے لئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ اگر نگران حکومت نے اس کا نوٹس نہ لیا تو ہم ان اقدامات کے خلاف عدالت سے رجوع کرنے کے ساتھ نیب اور تحقیقاتی اداروں کو درخواست دینے کے ساتھ پریس کلب اور بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے سامنے احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری مذکورہ حکام پر عائد ہوگی۔

شال بقیہ 8

ہزارہ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان دوران، بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری خزانہ اختر حسین لانگو نے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ ایران اور افغانستان کے بارڈر کو بند کرنا صوبے کے عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے نیشنل پارٹی جلد اس حوالے سے اپنی پالیسی واضح کرے گی انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کے بارڈر ایریا میں بارڈر ٹریڈ کے نام پر کاروبار عرصہ دراز سے جاری ہے بارڈر کی بندش سے پورا بلوچستان بالخصوص سرحدی اضلاع کے عوام بھوکے مر جائیں گے تربت میں بہت سے غریبوں نے اپنے بیویوں کے زیورات بیچ کر گاڑیاں خریدی ہے تاکہ ایرانی تیل سے اپنے بال بچوں کا روزی کما سکے افغانستان اور ایران کے بارڈر کو بند کرنا زیادتی ہے اس سے لاکھوں بے روزگار ہو جائیں گے اور ساتھ ہی صوبے میں چوری اور ڈکیتیوں میں اضافہ ہوگا کیونکہ لوگوں کے پاس جب روزگار نہیں ہوگا تو وہ اپنے بھال بچوں کیلئے روزی کا متبادل راستہ اختیار کریں گے بارڈروں کو سیل کرنا کے فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں۔

شال بقیہ 9

نے کہا کہ بلوچستان کے ہر ضلع سے دو ہیل اور ایک فیمل پرائمری اسکول منتخب کیا جا رہا ہے جنہیں اپ گریڈ کر کے مڈل لیول تک لایا جائے گا ہماری کوشش ہوگی کہ اپ گریڈیشن کے اس منصوبے میں ہر ضلع سے مزید ایک ایک فیمل پرائمری اسکول مزید شامل کیا جائے تاکہ ہر ضلع میں مجموعی تعداد چار ہو جائے اس کے علاوہ ہر ضلع میں ایک ماڈل اسکول بنایا جا رہا ہے اس مقصد کے لئے ہر ڈسٹرکٹ سے پانچ اسکولوں کا ڈیٹا طلب کیا گیا ہے تاکہ کسی بھی پسند نہ پسند کے بہانے خالصتاً میرٹ پر ماڈل اسکول کی درجہ بندی ممکن ہو سکے اور نامزد اسکول متعین کر دہ کرائیٹیریا پر پورا اترتا ہو انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری اسکولوں خصوصاً بچیوں کے اسکولوں میں پانی، ٹوائلٹ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں اور ہماری کوشش ہے کہ ان سہولیات کی بلا تاخیر اور فوری فراہمی کے لئے وسائل کا بندوبست کیا جائے ڈاکٹر قادر بخش بلوچ نے اس امید کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ترقی تعلیم کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات ایک مہینے کے اندر اندر نظر آنا شروع ہو جائیں گے اور عوام شعبہ تعلیم میں ایک نمایاں اور مثبت تبدیلی محسوس کریں گے۔

شال بقیہ 10

ی نام نہاد انتخابات کی کوشش قانونی اور اخلاقی طور پر قابل مذمت ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ کارابغ میں ایسی کوشش اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قانون کی بھی سنگین خلاف ورزی ہے۔

شال بقیہ 11

قتل اور 19 سالہ شاہد پرویز شامل ہیں۔ مرنے والے نوجوان نجی اور سرکاری اداروں میں فرسٹ اور سیکنڈ ایئر کے طالبعلم تھے اور مظفر آباد کے نجی ہاسٹل میں رہ رہے تھے، ان میں سے تین چہلہ بانڈی میں قائم ہاسٹل اور ایک چتر کے محلے میں رہتے تھے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ چاروں لڑکے دریا کے دائیں کنارے پر آئے اور اس دوران ان میں سے دو نہاتے ہوئے توازن کھو بیٹھے اور انہیں بچانے کے لیے جتنے دو بھی دریا میں کود پڑے اور اس طرح چاروں لڑکے ڈوب گئے۔

شال بقیہ 12

ایک گھنٹے تک لوٹ مار جاری رہی جس میں 4 شہری اپنی موٹر سائیکلوں موبائل اور نقدی سے محروم کر دیا گیا پولیس کی نام و نشان تک نہیں رہی ڈاکوں لوٹی ہوئی رقم موبائل اور موٹر سائیکل لے کر فرار ہو گئے گنج بائی پاس پر چوری کی وارداتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پریشان ہے آئی جی پولیس متعلقہ پولیس تھانے کے ایس ایچ او کے خلاف کارروائی کرے۔

شال بقیہ 13

تنخواہوں کیخلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے میں ملازمین کے بچوں کی بھی بڑی تعداد میں شرکت۔ ملازمین نے مطالبہ کیا کہ ہمارے چار ماہ سے تنخواہیں بند ہیں جس کیوجہ سے ہم شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں ہمارے بچوں کو فیس نہ دینے کیوجہ سے اسکولوں سے نکال دیا گیا ہمارے گھروں کی چولہے بجھ گئے اور ہم فاقہ کشی پر مجبور ہے صوبائی نگران حکومت سے پرزور مطالبہ ہے کہ ہمارے خون پسینے کی کمائی ہوئی تنخواہیں فوری طور پر ادا کی جائے ساتھ ہی 617 ملازمین کے اجتماعی ریگولر آرڈر جاری کیا جائے 27 جون 2022 کے اپنے ہی جاری کردہ اجتماعی آرڈر کو انفرادی شکل دے کر لیکن پی ڈی اے انتظامیہ حیلے بہانے سے کام لے رہا ہے دوسرا مطالبہ 617 ملازمین کی چار ماہ سے بند تنخواہوں کی ادائیگی جو کہ پی ڈی اے کی اپنے اکاؤنٹ میں رکھے ہوئے ہیں جو کہ سابق وزیر اعلیٰ کی واضح ہدایات ہیں۔

شال بقیہ 14

کے قریب ایک شخص سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو رہے تھے جس کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوراً ڈاکوں کا تعاقب کیا نواحی علاقہ نغاری کے قریب پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا پولیس کی فائرنگ سے ایک ڈاکو گولی لگنے سے زخمی دو ساتھی گرفتار ڈاکوں سے اسلحہ مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی زخمی ڈاکو کو سول ہسپتال ڈھاڈر میں طبی امداد دی گئی ڈھاڈر پولیس نے ناکہ بندی کر کے مزید کارروائی شروع کر دی ہے۔

شال بقیہ 15

منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ارباب سعید علی کاسی سمیت محکمہ تعلیم ✕ صحت ✕ اپاہجی ✕ بی اینڈ آر ✕ زراعت ✕ فارسٹ ✕ لوکل گورنمنٹ ✕ سوشل ویلفیئر و دیگر محکموں کے انتظامی افیسرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے ڈپٹی کمشنر کو اپنے متعلقہ محکموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ افسران نے محکموں کی کارکردگی رپورٹ پیش کیے گئے۔ اور محکموں میں ملازمین کی تعداد اور خالی اسامیوں کے متعلق بتایا۔ اور ضلع میں جاری سکیمات کے متعلق تفصیلات پیش کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی سطح پر کام کرنے والے تمام محکموں کے انتظامی افیسرز اپنے محکموں کی کارکردگی مزید بہتر بنائے۔ اور اپنے ماتحت ملازمین کو سٹیشن پر حاضری کے پابند بنا کر کارکردگی کی بہتری پر خاص توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں امن و امان سمیت صحت و تعلیم کے مسائل کیلئے جامع اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے، زائد المعیاد اشیاء کو تلف کرنے اور صفائی ستھرائی کا نظام صحیح سمت پر ڈالنے کیلئے متعلقہ محکمے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے افیسرز و سٹاف پر شہریوں کے مشکلات کے حل کے حوالے سے بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ انکی فلاح و بہبود اور خوشحالی کیلئے ہم سب نے ملکر اپنے حصے کا کام بلا تاخیر کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد جاوید ڈومکی نے کہا کہ شہر میں نظم و نسق کو برقرار رکھنے کیلئے قانون کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت کسی کو نہیں جائیگی۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون حرکت میں آئیگا۔

شال بقیہ 16

منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ارباب سعید علی کاسی سمیت محکمہ تعلیم ✕ صحت ✕ اپاہجی ✕ بی اینڈ آر ✕ زراعت ✕ فارسٹ ✕ لوکل گورنمنٹ ✕ سوشل ویلفیئر و دیگر محکموں کے انتظامی افیسرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے ڈپٹی کمشنر کو اپنے متعلقہ محکموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ افسران نے محکموں کی کارکردگی رپورٹ پیش کیے گئے۔ اور محکموں میں ملازمین کی تعداد اور خالی اسامیوں کے متعلق بتایا۔ اور ضلع میں جاری سکیمات کے متعلق تفصیلات پیش کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی سطح پر کام کرنے والے تمام محکموں کے انتظامی افیسرز اپنے محکموں کی کارکردگی مزید بہتر بنائے۔ اور اپنے ماتحت ملازمین کو سٹیشن پر حاضری کے پابند بنا کر کارکردگی کی بہتری پر خاص توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں امن و امان سمیت صحت و تعلیم کے مسائل کیلئے جامع اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے، زائد المعیاد اشیاء کو تلف کرنے اور صفائی ستھرائی کا نظام صحیح سمت پر ڈالنے کیلئے متعلقہ محکمے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے افیسرز و سٹاف پر شہریوں کے مشکلات کے حل کے حوالے سے بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ انکی فلاح و بہبود اور خوشحالی کیلئے ہم سب نے ملکر اپنے حصے کا کام بلا تاخیر کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد جاوید ڈومکی نے کہا کہ شہر میں نظم و نسق کو برقرار رکھنے کیلئے قانون کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت کسی کو نہیں جائیگی۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون حرکت میں آئیگا۔

شال بقیہ 17

نصیر احمد بھوتانی کا تبادلہ کر کے انہیں ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل آڈٹ ساؤتھ کسٹمز کراچی، آصف زمان کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی او سی کراچی، فضل کریم کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز واکلیشن کراچی، شہزاد اختر کو ڈائریکٹوریٹ آف آئی او سی ساؤتھ کراچی، شبیر خان کو ڈائریکٹوریٹ آف آئی او سی او ساؤتھ کراچی، عیسیٰ خان ڈائریکٹوریٹ اور پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ کراچی، جمل خان ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز واکلیشن کراچی، ساجد علی کو ڈائریکٹوریٹ آف لاء اینڈ پروسیکیوشن کسٹمز کراچی، شیخ حکیم اللہ کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز واکلیشن کراچی، جمیل الرحمن کاکڑ کو ڈائریکٹوریٹ آف آئی پی آر انفورسمنٹ ساؤتھ کراچی، فضل لیاقت کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی اوسی او کراچی، محمد یوسف نوحیزئی کو ڈائریکٹوریٹ آف ڈی این ایف پی پی ایس کراچی، حبیب اللہ خان بزدار کو ڈائریکٹوریٹ آف آئی اوسی او ساؤتھ کراچی، یاسر عزیز کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، لیاقت علی گھمی کو ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل آڈٹ ساؤتھ کسٹمز کراچی، طارق حنیف کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، محمد تنویر کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، اسفندیار کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز واکلیشن کراچی، محمد اسلم سولنگی کو ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ کراچی، بشیر معصم کو ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ کراچی، محمد اقبال کو ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ کراچی، محمد زمان مزاری کو ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ ساؤتھ کراچی، سید مقدار رضا کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی اوسی او کراچی، اخلاق احمد کو ڈائریکٹوریٹ آف آر پی او انفورسمنٹ ساؤتھ کراچی، دولت خان ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز واکلیشن کراچی، بشیر وزیر کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ریک مینجمنٹ کراچی، اسلم کشمیری کو ڈائریکٹوریٹ آف آر پی آر انفورسمنٹ ساؤتھ کراچی جبکہ حسن امام کو ڈائریکٹوریٹ آف لاء اینڈ پروسیکیوشن کسٹمز کراچی، تاج میر کو ڈائریکٹوریٹ آف آئی پی آر انفورسمنٹ ساؤتھ کراچی، محسن رفیق کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف کسٹمز واکلیشن کراچی، احمد علی کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف آئی اوسی او کراچی، وقاص خان کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، شبیر احمد کو ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹرانزٹ ٹریڈ کراچی، سکندر حیات کو ڈائریکٹوریٹ آف لاء اینڈ پروسیکیوشن کسٹمز کراچی، علی جان کو ڈائریکٹوریٹ آف ڈی این ایف پی پی ایس کراچی، طارق حسین کو ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل آڈٹ ساؤتھ کسٹمز کراچی، کرم لاسی کو ڈائریکٹوریٹ آف لاء اینڈ پروسیکیوشن کسٹمز کراچی، گل خان کو ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمز اینڈ آٹو میشن کسٹمز کراچی، ذوالفقار علی کو ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل آڈٹ ساؤتھ کسٹمز کراچی، سکندر کو کسٹمز اکیڈمی آف پاکستان کراچی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

شال بقیہ 18

کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق حکومت بلوچستان نے انسداد بجلی چوری مہم میں کیسکو کا ساتھ دینے فیصلہ کرتے ہوئے صوبائی اور ڈویژنل سطح پر ٹاسک فورس قائم کر دیں۔ اعلامیہ کے مطابق صوبائی ٹاسک فورس کے سربراہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ ہوں گے جبکہ ڈویژنل ٹاسک فورس کی سربراہی ڈویژنل کمشنرز کریں گے دونوں ٹاسک فورس انسداد بجلی چوری مہم کی نگرانی کریں گی۔

شال بقیہ 19

حکام کے مطابق حادثہ موٹروے پر خانقاہ ڈوگراں انٹرچینج کے قریب پیش آیا۔ حادثے کے تمام زخمیوں اور ہلاک افراد کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دی گئیں جن میں بعض حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافہ کا خدشہ ہے۔ حادثے کا شکار مسافر مسیحی برادری کی تقریب میں شرکت کے لیے حافظ آباد سے مریم آباد جا رہے تھے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ تیز رفتاری اور اوورٹیکنگ کی وجہ سے پیش آیا، نگران وزیر اعلیٰ پنجاب نے بس حادثے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے زخمیوں کا علاج سرکاری خرچ پر کروانے کی ہدایت کی ہے۔

شال بقیہ 20

کے حوالے سے رپورٹ وزیر اعظم ہاؤس میں جمع کروا دی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسمگلنگ پر وزیر اعظم ہاؤس میں جمع کرائی گئی رپورٹ میں ایرانی تیل اور حوالہ ہنڈی کے کاروبار کی تفصیلات ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ سب سے زیادہ 205 حوالہ ہنڈی ڈیلر پنجاب میں ہیں۔

شال بقیہ 21

چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب سمیت چار افراد جاں بحق ہو گئے۔ ٹریفک حادثے کے بعد قریبی لوگ اور ریسکیو حکام موقع پر پہنچے۔ حادثے کے بعد مجروحین کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 22

کہ (آج) گیارہ ستمبر بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کا 75 واں یوم وفات ہے، پوری قوم قائد اعظم کی برصغیر کے مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتھک جدوجہد، دوراندیشی اور قائدانہ صلاحیتوں پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کی قیادت کے بغیر مسلمانوں کیلئے آزاد ریاست کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہ ہوتا۔ قائد اعظم کی جدوجہد ناصرف ایک اکثریت کی اقلیتوں کے حقوق کو عددی برتری کی بنا پر سلب کرنے کے نظریے کے خلاف تھی بلکہ مسلمانوں کی ایک علیحدہ قوم کے طور پر معاشی، معاشرتی، سیاسی، تہذیبی پہچان اور ایک منفرد طرز زندگی کو بحال کرنے اور اس حوالے سے ان کو اقوام عالم میں ایک نمایاں مقام دلوانے کیلئے تھی۔

شال بقیہ 23

ڈکیتوں نے شہری کو مزاحمت پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا جبکہ موقع پر پولیس پہنچ گئی اور ڈکیتوں کو مارکیٹ میں محصور کر گھیراؤ کیا جس پر اسٹریٹ فائرنگ کی تو حفیظ نامی پولیس اہلکار کو لوہے کے چھوٹے ٹکڑے لگنے سے معمولی زخمی ہوا جبکہ دو ڈکیت گرفتار کر لیا اور ایک فرار ہو گیا۔ ملزمان کے قبضے سے دو عدد ٹی ٹی پسٹل، موبائل فونز اور موٹر سائیکل برآمد، جبکہ مزاحمت پر قتل ہونے والے شہری کی نعش کو سول ہسپتال حب منتقل کر دیا۔ مذید تحقیق جاری ہے۔ ایس ایچ او شاہنواز نے میڈیا کو بتایا کہ مذید تحقیق کی جاری ہے اور فرار ہونے والے ملزم کو جلد گرفتار کیا جائے گا جرائم پیشہ عناصروں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا اور کسی بھی قسم کی کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی۔

شال بقیہ 24

بڑھانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ سعودی ولی عہد کے اس متوقع دورے کو سماجی و معاشی ترقی کیلئے گیم چینجر قرار دیتے ہوئے نگران وزیر خارجہ نے سعودی عرب سے گزشتہ کئی ماہ کے دوران پاکستان کو ملنے والی امداد کے بارے میں مختصراً بات چیت کی۔ جلیل عباس جیلانی نے کہا کہ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی مدد کی ہے اور خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے قیام کے بعد سے اس تعاون میں مزید تیزی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تناظر میں ہمیں اس دورے سے بہت امیدیں ہیں، ہم بہت پرامید ہیں کہ ہم مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کریں گے جو کہ قوم کے لیے بہت اچھی خبر ہے۔

شال بقیہ 25

مشہور سیاحتی مقامات کا دورہ بھی کیا، انہوں نے مکلے کے شاندار قدیم ثقافتی ورثے اور قدرتی حسن کو سراہا۔ اس موقع پر صادق سنجرانی نے کہا کہ سکردو میں ایک نمایاں سیاحتی مقام بننے کے لیے تمام ضروری عناصر موجود ہیں، سکردو میں سیاحت کے فروغ سے اقتصادی ترقی کی نئی راہ کھل سکتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بے مثال قدرتی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ سکردو کا سب سے بڑا اثاثہ اس کے عوام ہیں، محلے کی کمیونٹی کی ہم آہنگی اور برادرانہ جذبے باہمی ملک کے باقی حصوں کے لیے ایک متاثر کن مثال ہے۔

شال بقیہ 26

بڑھتی آبادی کے پیش نظر صحت کے شعبہ میں مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں صلاحیتوں کی کمی نہیں ہے، ہمیں دیکھنا ہوگا کہ ہم تحقیق کے شعبہ میں دنیا سے پیچھے کیوں ہیں، تحقیق کے شعبے میں پیچھے رہ جانے کی ایک بنیادی وجہ فنڈز کی کمی ہے، پولیو کے خاتمے کی مہم کے دوران جتنی جانی قربانیاں ہم نے دی ہیں دنیا میں اس کی مثال نہیں ملتی، ایک سو سے زائد عملہ نے اپنی جانیں دی ہیں، ہم نے 600 ملین ڈالر اپنی طرف سے اس کاوش میں لگایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس صلاحیتوں کی کمی نہیں صرف عزم کی کمی ہے، فنڈز کے استعمال اس میں شفافیت ایک بڑا مسئلہ ہے، پاکستان اور افغانستان کا المیہ یہ ہے کہ اربوں روپے کے خرچ

ملک میں چینی اور آٹا عوام کی دسترس سے باہر ہو چکا ہے، PPP بلوچستان

الیکشن میں تاخیر آئین شکنی کے مترادف ہوگا، نگران حکومت اور الیکشن کمیشن عام انتخابات مقررہ مدت میں منعقد کرائیں

نگران حکومت کے پاس پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا مینڈیٹ قطعاً نہیں ہے، چیف آف ہنگوئی سردار نور احمد ہنگوئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و چیف آف ہنگوئی سردار نور احمد ہنگوئی نے کہا ہے کہ الیکشن میں تاخیر آئین شکنی کے مترادف ہوگا، نگران حکومت اور الیکشن کمیشن عام انتخابات مقررہ مدت میں منعقد کرائیں، سیاستدان اور عوام کے درمیان مقدس رشتہ اعتماد کا ہوتا ہے، نگران حکومت میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو چکا ہے، نگران حکومت کے پاس پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا مینڈیٹ قطعاً نہیں ہے، بلوچستان میں ایرانی تیل کی بندش صوبے کے عوام پر روزگار کے دروازے بند کرتا زیادتی ہے، مہنگائی، بے روزگاری، غربت کے باعث لوگ خودکشیوں پر مجبور ہو چکے ہیں، ملک کو موجودہ سیاسی، معاشی اور اقتصادی بحرانوں سے نکالنے کی صلاحیت صرف بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ بلوچستان اسمبلی و ایم پی ایز ہاسٹل آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے ظفر رند اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گورنمنٹ بواز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل میں تقریب کا انعقاد

تعلیمی نظام کی کمزوری کی سب سے بڑی وجہ قبائلی سرداری نظام ہے، سرور داد بلوچ

اوتھل (این این آئی) بلوچ اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی اوتھل زون کی جانب سے گورنمنٹ بواز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل میں لسبیلہ کی تاریخ اور سیاست کے موضوع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں لسبیلہ یونیورسٹی سے آئے ہوئے مہمان لیکچرار قاضی امجد قریشی، حفصہ قادر، سرور داد بلوچ نے خصوصی شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لسبیلہ یونیورسٹی کے لیکچرار قاضی امجد قریشی نے لسبیلہ کی تاریخ پر تفصیلی گفتگو کی۔ سرور داد بلوچ نے کہا کہ تعلیمی نظام کی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

انٹری ٹیسٹ میں بلوچستان بھر سے 9234 امیدواروں نے حصہ لیا

ٹیسٹ کا دورانیہ 3 گھنٹے 30 منٹ تھا ٹیسٹ کا انعقاد خوش اسلوبی سے مکمل ہوا

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں MDCAT کا انٹری ٹیسٹ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے زیر انتظام بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز BUITEMS کوئٹہ میں منعقد ہوا انٹری ٹیسٹ میں بلوچستان بھر سے 9234 امیدواروں نے حصہ لیا جن میں 5249 طلبا 3983 طالبات ہیں نگران وزیر صحت ڈاکٹر امیر محمد جوگیزئی نے انٹری ٹیسٹ کے امتحان کا معائنہ کیا اور ٹیسٹ کے انتظامات پر اطمینان بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پاکستان فریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ ڈاکٹر سیف اللہ بلوچ کیسا تھ یونس ملازئی سعید اعوان کا گروپ فوٹو

بی آر ایس پی ژوب میں مختلف منصوبوں پر اربوں روپے خرچ کر رہے ہیں، شیر داد مندوخیل

ژوب (نامہ نگار) یونین کونسل وآلہ اکرم کلی نشتری میر علی خیل کے رہائشی شیر داد مندوخیل محمد حسن مندوخیل مفتی ولی محمد مندوخیل ودیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ بی آر ایس پی مختلف پراجیکٹ کے توسط بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

سردار ناصر خان کی فلاحی اور عوامی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر شیخ جعفر خان مندوخیل نے چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب سردار ناصر خان، حاجی ظفر ناصر، ملک محمد خان ملیزئی ناصر اور سردار عطاء اللہ کے روڈ ایکسیڈنٹ میں شہید ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار ناصر خان کی فلاحی اور عوامی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا علاقہ ژوب ایک بڑے سیاسی اور سماجی رہنما سے محروم ہو گیا ہے۔

ڈاکٹر عبدالسلام لودھی کی ضلعی انفارمیشن ٹیکنالوجی آفیسر ژوب انجینئر سمت اللہ سے ملاقات

لورالائی (نمائندہ خصوصی دولت خان) ڈائریکٹر بیورو ژوب کیمپس ڈاکٹر عبدالسلام لودھی کی ضلعی انفارمیشن ٹیکنالوجی آفیسر ژوب انجینئر سمت اللہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈائریکٹر بیورو نے کہا کہ دور حاضر ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ جو ملک جس قدر ٹیکنالوجی کے استعمال میں آگے ہے وہی ملک بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

بلوچستان ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن شہریوں کا اظہار اطمینان

اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے یہ بہت اچھا اقدام ہے، اس آپریشن کے ذریعے اگر اسمگلنگ کو اگر روکا جائے تو عوام کے لیے اچھا ہوگا

ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کرنے پر وہ پاک فوج اور ایف سی کو سلام پیش کرتے ہیں، شہری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ذخیرہ اندوزی اور اسمگلنگ میں ملوث عناصر کیخلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے آپریشن کے اعلان پر کوئٹہ کے شہریوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے اور اسے ملکی معیشت کی بہتری کے لیے ایک بہترین اقدام قرار دیا ہے۔ شہریوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں خصوصاً پاک فوج کا شکریہ ادا کیا ہے اور ان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کے خاتمے سے ملک میں مہنگائی میں کمی آئے گی۔ کوئٹہ کے شہریوں نے بتایا کہ اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے یہ بہت اچھا اقدام ہے، اس آپریشن کے ذریعے اگر اسمگلنگ کو اگر روکا جائے تو عوام کے لیے اچھا ہوگا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ ذخیرہ اندوزی بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

محکمہ نے ہمارے سارے علاقہ کی عوام کے ساتھ زیادتی و حق تلفی کی ہے

اوتھل (این این آئی) جان محمد ڈگارزئی نے اپنے ایک تردید بیان پریس ریلیز میں کہا ہے کہ گزشتہ دنوں میرے نام سے مقامی آخبار میں کسی دنود کمار لاہی صدر شری ہنگلاج ماتا ویلفیئر اینڈ ڈیولپمنٹ سوسائٹی کے خلاف ایک آخباری بیان چلایا گیا تھا جس میں حالیہ ہنگلاج ماتا کی آسامیوں پر لکھا گیا کہ کسی دنود کمار نے میرے ساتھ فراڈ کیا ہے جو کہ انتہائی نامناسب الفاظ تھے جس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں جب مجھے حقائق کا علم ہوا کہ ہنگلاج ماتا کی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

باچا خان سکول ژوب" کے نئے عمارت کا تقریب" سنگ بنیاد

ژوب (این این آئی) باچا خان سکول ژوب کے نئے عمارت کا سنگ بنیاد دست مہمان خصوصی سابق صوبائی وزیر جناب انجینئر زمرک خان اچکزئی رکھا گیا تقریب میں ژوب شہر کے محکمہ تعلیم کے آفیسران، چیئرمین میونسپل کمیٹی، آل پارٹیز کے رہنما، سماجی و سیاسی ورکرز اور مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے معززین نے شرکت کی پروگرام کی صدارت باچا خان ٹرسٹ ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ژوب کے چیئرمین جمعہ رحیم مندوخیل نے کی، سکول اور فاؤنڈیشن کے تعارف و کارکردگی رپورٹ جمعہ خان بابر نے پیش کی۔

ایس پی اوستہ محمد جاوید غرشین نے نئے ایس ایچ اوز کے تعیناتی احکامات جاری کر دیے

اوستہ محمد (این این آئی) ایس پی اوستہ محمد جاوید غرشین نے نئے ایس ایچ اوز کے تعیناتی احکامات جاری کر دیے جن میں علی گوہر لڑی ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد تعینات صبریان کمسی ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد تعینات درمحمد گاجانی ایس ایچ او پولیس تھانہ گندارہ تعینات۔ سعد اللہ جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ ہیڈ تعینات۔ کر دیے ایس ایچ او نے اپنی اپنی تعیناتی کے جگہ چارج سنبھال لیے۔

کوئٹہ اقرا اسکولز ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے صدر محمد شاکر خان کا کرزون 2 کے کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محمد اشفاق پراچہ پاکستان بزنس فورم خیبر پختونخوا کے نئے چیئرمین مقرر، نوٹیفکیشن جاری

سٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلیں گے تاکہ صوبہ کو معاشی طور پر فعال بنایا جاسکے، نومنتخب چیئرمین

سبکدوش چیئرمین عاطف علیم نے نومنتخب چیئرمین کو اجلاس میں خوش آمدید کہا

پشاور (این این آئی) پاکستان بزنس فورم کی کور کمیٹی نے تاجروں کے ساتھ قریبی رابطے کے لیے اور پی بی ایف کے مشن کو صوبے میں بہتر طور پر آگے بڑھانے کے عزم میں صوبہ خیبر پختونخوا میں نمایاں تبدیلی کر دی اور پاکستان بزنس فورم کے وائس چیئرمین محمد اشفاق پراچہ کو صوبہ کا نیا چیئرمین مقرر کر دیا جبکہ محمد عاطف علیم اپنے عہدے سے سبکدوش ہو گئے۔ مرکزی کور کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز ہوا جس میں صدر پی بی ایف میاں محمد عثمان، مرکزی نائب صدور چوہدری بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پاکستان اور بھارت کے درمیان میچ کے دوران شدید بارش کے باعث گراؤنڈ کو کور سے ڈھانپ دیا گیا ہے

آبپاشی کاریز کے کنویں میں گرنے والے موٹر سائیکل سوار کو ریسکیو کر لیا گیا

عوامی سماجی حلقوں نے پولیس کی کارکردگی کی تعریف کی

نوشکی (این این آئی) آبپاشی کاریز کے کنویں میں گرنے والے موٹر سائیکل سوار کو ریسکیو کر لیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ شب موٹر سائیکل سوار نیم اللہ بازار سے گھر جا رہے تھے کہ آر سی ڈی شاہراہ کے قریب کاریز کے کنواں میں گر گیا اطلاع ملنے پر ایس ایچ او علی احمد بگٹی نے پولیس ٹیم کی مدد سے کریں کے ذریعہ نوجوان کو کنویں سے بحفاظت ریسکیو کر کے نکال بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

پنجگور میں بارڈر کے معاملات پر ایک اہم مشاورتی جرگہ

ایک ریلی کے شکل میں جاوید چوک سے ڈی سی آفیس تک ریلی کی شکل میں جائینگے

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں بارڈر کے معاملات پر ایک اہم مشاورتی جرگہ بمقام نیو ڈیزل منڈی میں منعقد ہوا مشاورتی جرگے میں بارڈر بچاؤ تحریک انجمن تاجران کے صدر فرید احمد جنرل سیکریٹری قائم الدین گاڈی مالکان ڈپو مالکان اور ڈرائیورز حضرات نے بڑی تعداد میں شرکت کی جرگے سے بارڈر بچاؤ تحریک کے سعود داد ھیے زئی، نجیب سلیم انجمن بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

پاکستان اور ایران دو اسلامی اور ہمسایہ ممالک ہیں، اعجاز جعفر

عوامی سطح پر شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، نوجوان بدلتے حالات کے ساتھ اپنے آپ کو منظم کریں

پاک ایران دوستانہ تعلقات کے فروغ کے لیے نوجوانوں کا کردار ہرگز نظر انداز نہیں کیا جاسکتا ہے، نگران صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) نگران صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) و بہبود آبادی سردار اعجاز جعفر نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران دو اسلامی اور ہمسایہ ممالک ہے۔ عوامی سطح پر شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ نوجوان بدلتے حالات کے ساتھ اپنے آپ کو منظم کریں ان خیالات کا اظہار انھوں نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ محاذ کے زیر اہتمام پاک ایران ثقافتی تعلقات کے فروغ میں نوجوانوں کے کردار کے موضوع پر سیمینار سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار سے کیو ڈی ایم کے چیئرمین عبدالمتین اخونزادہ، ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ سید ابوالحسن میری، فرید بگٹی اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک ایران دوستانہ تعلقات کے فروغ بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ٹیوبی ریگولرائزڈ ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی پی ڈی اے کے زیر اہتمام چیئرمین انیس الرحمن کی قیادت میں پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

سندھ اور بلوچستان کے سنگم قائم حب ندی پل کے کام میں تیزی

حب (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حب منیر احمد موسیانی کی ہدایت پر سندھ اور بلوچستان کے سنگم قائم حب ندی پل کے کام میں تیزی ٹھیکیدار کی جانب سے مطلوبہ آمد شروع کام میں مزید تیز کرنے کے لئے لیبر کی تعداد بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

ڈالر اور غیر ملکی کرنسی کے غیر قانونی کاروبار میں ملوث عناصر پاکستان کے دشمن ہیں، میر ظفر قمبرانی

کوئٹہ (آن لائن) سیاسی و سماجی رہنما میر ظفر قمبرانی نے ڈالر اور غیر ملکی کرنسی، چینی، آٹا کی اسمگلنگ اور منشیات فروشوں کے خلاف فورسز کارروائیوں کا نخیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے عناصر کے سخت سے سخت کارروائی عمل میں لانی چاہئے جو ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہوں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں میر ظفر قمبرانی نے کہا کہ ڈالر اور بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

لیویز فورس کی دالبندین کے مختلف گودام پر چھاپہ

بھاری مقدار میں چینی اور یوریا کھاد برآمد کر لی

دالبندین (آن لائن) لیویز فورس کی دالبندین کے مختلف گودام پر چھاپہ بھاری مقدار میں چینی اور یوریا کھاد برآمد کر لی لیویز ذرائع کے مطابق دالبندین کے مختلف گودام پر چھاپہ مار 72 تھیلے یوریا اور 1027 تھیلے کھاد قبضے میں لیکر گودام کو سیل کر دیا لیویز کے مطابق یوریا کھاد اور چینی افغانستان اسمگلنگ کرنے کے لیے ذخیرہ کر رکھا تھا مزید تحقیقات جاری ہے۔

عوام الناس کو چاہئے کہ پولیس انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کو یقینی بنائیں، نذیر احمد شاکر

علاقے امن و امان کی فضا برقرار رہے اور جمعیت علما اسلام کا ہمیشہ پولیس انتظامیہ کے ساتھ تعاون رہا ہے

گنداخہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام تحصیل گنداخہ کے امیر قاری نذیر احمد شاکر، جنرل سیکرٹری مولانا امان اللہ حقانی، مولانا محمد عمر بروہی، حافظ محمد زمان مضاوزئی، مولانا محمد انور میتنگل، قاری سلطان احمد سلطانی، محمد نواب برڑہ، عطا محمد جمالی، قاری کفایت اللہ زہری، پریس ترجمان فرید احمد حیدری و دیگر کابینہ اراکین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ تحصیل گنداخہ پولیس تھانوں میں نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ اوز کو خوش امید کہتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

غریب دکانداروں کے خلاف جرمانے کے نام پر کارروائیاں قابل تشویش ہے، جمعیت

بجلی کی لوڈشیڈنگ اور بھاری بھرکم بلوں نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے معاون سیکرٹری اطلاعات اور انتخابی یونٹ پشتون باغ کے امیر مولانا جمال الدین حقانی معاون سیکرٹری اطلاعات سراجی یونٹ کے امیر مفتی نیک محمد فاروقی رکن ضلعی مجلس شوریٰ امیر یونٹ مفتی عنایت اللہ صاحب البدر یونٹ کے امیر حاجی عطا محمد شمشوزئی مدنی یونٹ کے امیر مولانا محمد عیسیٰ اسعد الفجر یونٹ کے مولانا گل کرم فاروقی یونٹ اسکول روڈ کے امیر مولانا عبدالرشید اخیر یونٹ کے امیر مفتی عنایت جان حقیار یونٹ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ایم پی ہاسٹل کے متاثرہ امیدواران فیصل الٰہی جنگ ظہیر احمد سیاپاد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

عوام کا ووٹ بندوق اور ایٹم بم سے طاقتور ہے، ڈاکٹر عطا گل حمزہ زئی

اس سے علاقے میں انقلاب آسکتا ہے عوام حقیقی نمائندوں کی پہچان کرے، شمولیتی تقریب سے خطاب

لورالائی (نمائندہ خصوصی دولت خان) لورالائی کیکلی شرن علیزی میں ایک شاندار شمولیتی پروگرام سے عوامی نیشنل پارٹی مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عطا احمد گل حمزازئی اے این پی کے ضلعی صدر منظور کاکڑ۔ جنرل سیکرٹری راز محمد ترہ کئی۔ مرگری وکلان کے صدر اینڈ وکیٹ صادق خان علیزئی۔ سردار حاجی عظیم جان ملازئی۔ ملک ایاز موسیٰ خیل۔ مولانا رحمت اللہ حمزوزئی۔ سجاد گل کاکڑ۔ اس پر وقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس شمولیتوں سے خاہر بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پاکستان کی ترقی و تعمیر میں پاک فوج کے مثبت کردار سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے، سردار حفیظ لونی

دفاع پاکستان کے بنیادی کردار کے علاوہ ملک کی تعمیر اور ترقی کے منصوبہ جات میں فوج نے اپنا بھرپور حصہ ڈالا ہے

لورالائی (نمائندہ خصوصی دولت خان) بے یو آئی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر قانون و پارلیمانی امور سردار حفیظ لونی نے چمالنگ میں معززین علاقہ کے اعزاز میں عشائیہ دیا اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی و تعمیر میں پاک فوج کے مثبت کردار سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے۔ دفاع پاکستان کے بنیادی کردار کے علاوہ ملک کی تعمیر اور ترقی کے منصوبہ جات میں فوج نے اپنا بھرپور حصہ ڈالا ہے کراچی پورٹ کی تعمیر، بڑے پائیڈر و پاور بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ضلعی و تحصیل کابینہ کی آئینی مدت ختم ہونے پر ضلعی و تحصیل پنجگور کابینہ کو ختم کر دیا

کاغزات نامزدگی 13 سے 15 ستمبر میں وصول کیا جائے گا، ضلعی صدر حاجی صالح محمد بلوچ

پنجگور (این این آئی) نیشنل پارٹی ضلع پنجگور کی ضلعی کونسل کا اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر حاجی صالح محمد بلوچ ڈسٹرکٹ کونسل حال پنجگور میں منعقد ہوئی جس میں ضلع کونسل کے ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی اجلاس میں نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر رحمت صالح بلوچ مرکزی ڈپٹی جنرل سکیرٹری پھلیں بلوچ مرکزی رہنما حاجی اسلام بلوچ صوبائی ورکنگ کمیٹی کے ممبران رحمل بائیاں شیر علی وزیر فرہاد شعیب بلوچ حاجی اکبر بلوچ چیئرمین عبدالمالک صالح بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

عوام کا ووٹ بندوق اور ایٹم بم سے طاقتور ہے، ڈاکٹر عطا گل حمزہ زئی

اس سے علاقے میں انقلاب آسکتا ہے عوام حقیقی نمائندوں کی پہچان کرے، شمولیتی تقریب سے خطاب

لورالائی (نمائندہ خصوصی دولت خان) لورالائی کیکلی شرن علیزی میں ایک شاندار شمولیتی پروگرام سے عوامی نیشنل پارٹی مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر عطا احمد گل حمزازئی اے این پی کے ضلعی صدر منظور کاکڑ۔ جنرل سیکرٹری راز محمد ترہ کئی۔ مرگری وکلان کے صدر اینڈ وکیٹ صادق خان علیزئی۔ سردار حاجی عظیم جان ملازئی۔ ملک ایاز موسیٰ خیل۔ مولانا رحمت اللہ حمزوزئی۔ سجاد گل کاکڑ۔ اس پر وقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا اس شمولیتوں سے خاہر بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پھل اور سبزیوں کی خراب ہونے سے زمینداروں کو کروڑوں کا نقصان پہنچ چکا ہے، اے کیو ایم

سخی سرور چیک پوسٹ پر بلوچستان سے جانے والی مال بردار گاڑیوں کو روکنا ظلم و زیادتی کی انتہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں سخی سرور چیک پوسٹ پر بلوچستان سے پھل سبزی اور دیگر اشیائے جانے والی مال بردار گاڑیوں کو بلا جواز روکنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس ناروا اقدام کو عوام کی معاشی قتل کے مترادف قرار دیدیا گیا ہے مال بردار گاڑیوں میں کروڑوں روپے کا فروٹ و سبزی لوڈ ہے جنکی خراب ہونے کا خدشہ ہوتا ہے اے روز ملک کے مختلف قومی و بین الاقوامی شاہراہوں پر مختلف چیک پوسٹوں پر مال بردار گاڑیوں کو بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

صوبائی صدر نے 14 اضلاع کی کابینہ مدت فوری ہونے پر تحلیل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا

اتحاد نوجوانان ژوب ضلع ژوب سمیت 14 اضلاع کی نئی کابینہ کا اعلان صوبائی سیکریٹریٹ سے ہوگا

ژوب (نامہ نگار) صوبائی صدر نے 14 اضلاع کی کابینہ مدت فوری ہونے پر تحلیل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا، اتحاد نوجوانان ژوب ضلع ژوب سمیت 14 اضلاع کی نئی کابینہ کا اعلان صوبائی سیکریٹریٹ سے ہوگا، سمیع اللہ مندوخیل ژوب اتحاد نوجوانان بلوچستان صوبائی صدر نے 14 اضلاع کی کابینہ مدت فوری ہونے پر تحلیل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا، چودہ اضلاع میں کوہید، قلعہ سیف اللہ، چمن، ژوب قلات، بی، مستجبت پور، زیارت کچھ، خضدار تربت بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، چوہدری نعیم کریم

مہنگائی کے ہاتھوں غریب اور لاچار عوام بچوں سمیت خودکشیاں کر رہے ہیں

ذخیرہ اندوزوں نے اشیاء خورد و نوش ذخیرہ کر کے انکی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے آرمی چیف کی ہدایت پر ذخیرہ اندوزوں، مصنوعی مہنگائی کے ذمہ داروں اور غیر ملکی کرنسی ذخیرہ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو پارٹی کے رابطہ آفس میں آئے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے ساتھیوں سے بات کرتے ہوئے کہی جن میں محمد سحر اعوان، شبیر غوری، اشرف جاوید گرو، شوکت یوسفزئی، شیخ عامر، اعظم جدون، مسلم وقاص، عبدالسلام، لیاقت راجپوت، شفیق احمد، نثار راجپوت، یاسین، یامین، ریحان، حبیب گرو اور دیگر شامل تھے۔ چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات، چینی، آٹا، اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

پشتون چار دہائیوں سے مسلط کردہ دہشتگردی انتہا پسندی کا شکار ہے، اصغر چنگزئی

پشتون ہزاروں سال پر محیط تہذیب و تمدن کے مالک مہذب سیال روشن فکر اور مترقی قوم ہے

ملی شہیدوں اسلاف کے کارناموں اور قربانیوں سے نئی نسل کو کھیل کود کلچر تھیٹر ڈراموں کے ذریعے روشناس کرا رہے ہیں، صوبائی صدر اے این پی

چمن (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتون ہزاروں سال پر محیط تہذیب و تمدن کے مالک مہذب سیال روشن فکر اور مترقی قوم ہے جو گزشتہ چار دہائیوں سے مسلط کردہ دہشت گردی انتہا پسندی کا شکار ہے ان کی یہ روشن چہرہ داغ دار کرنے کیلئے حکمران اشرافیہ ان پر بھوک افلاس دہشت قتل و قتال غالب کرنے، ان کے جنت نظیر وطن میں مدفن قدرتی وسائل کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کیلئے نت نئے حربے استعمال کر رہے ہیں اس تمام تر مشکل صورتحال میں نوجوان اپنی قوم اور وطن کا روشن چہرہ اجاگر کرانے کیلئے جہد کر رہے ہیں ملی شہیدوں اسلاف کے کارناموں اور قربانیوں سے نئی نسل کو کھیل کود کلچر تھیٹر ڈراموں کے ذریعے روشناس کرا رہے ہیں چمن میں پشتون وطن بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ واپڈا کینٹ سب ڈویژن کا سی روڈ پر بجلی چوری کرنیوالوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے غیر قانونی کنکشن کاٹ کر رہے ہیں

میرے آفیس کے دروازے عوام کے لئے ہر وقت کھلے ہیں، دوست محمد بگٹی

جائز مسائل کو فوری حل کیا جائے گا کرائم کے معاملے پر کبھی بھی سمجھوتہ نہیں ہوگا

ماشکی پور (نامہ نگار) نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سبت پور جناب کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد بگٹی نے آج پولیس تھانہ سبت پور کی پولیس چوکی تعلیمی موڑ۔ اور چھٹی پل ودیگر اہم چیک پوسٹوں کا وزٹ کیا چوکیوں پر تعینات پولیس ملازمان نفری کی کمی بیشی، چارپائیاں بنکے اور لالٹین وغیرہ جیسی روزمرہ سہولیات فراہم کرنے کی نسبت یقین دہانی کرائی اور علاقے کے معززین و معتبرین سے ملاقات فرماتے ہوئے کہا کہ میرے آفیس کے دروازے عوام کے لئے ہر وقت کھلے ہیں اور ان کے جائز مسائل کو فوری حل کیا جائے گا کرائم کے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

پنجگور لیویز فورس کی سرسانڈ چیک پوسٹ پر کارروائی چھاپہ اور شیکر برآمد کر لیا گیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور لیویز فورس کی سرسانڈ چیک پوسٹ پر کارروائی چھاپہ اور شیکر برآمد کر لیا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر پنجگور رضوان قادر نے کارروائی کے بعد صحافیوں کو بتایا کہ ڈپٹی کمشنر پنجگور کی ہدایت پر لیویز فورس سرسانڈ چیک پوسٹ نے کارروائی کرتے ہوئے گوادر جانے والی گاڑی بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

سپورٹس کمپلیکس مینا بازار کو روکا جائے، مینا بازار کمیٹی

اب کمیٹی ممبران نے علاقے کی ترقی اور خوشحالی کی خاطر سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر کے لیے ایک کھلا اراضی سرکار کے نام پر الاٹ کر دی ہے

ژوب (نامہ نگار) مینا بازار کے رہائشی عہدیدار کمیٹی ممبران اور معتبرین محمد ابراہیم، حاجی ظاہر شاہ، عبداللہ جان، اللہ دین، معظم خان، شیر زمان، مشو خان، ملا کریم شاہ، حاجی غلام حیدر، ملا حبیب اللہ، عبداللہ خان، ولی خان، شائستہ خان ودیگر نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ مینا بازار کی شاملات و بلا جہ وہ آراضیات جو کہ تقریباً پانچ ہزار ایکڑ پر مشتمل ایریا ہے۔ اس ایریے کی منصفانہ تقسیم کے ساتھ مذکورہ اراضی میں سرکاری تعمیرات یعنی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

قلعہ عبداللہ میں آپریشن: منشیات کے 48 کمپاؤنڈز مسمار، 6 ٹن ایفی ڈرین تلف

یہ آپریشن 2016 کے بعد انسداد منشیات کی سب سے بڑی کارروائی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاک فوج سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے ملکی سطح پر اسمگلروں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں منشیات کے خلاف تاریخی کامیابی حاصل کرتے ہوئے ایف سی بلوچستان (نارتھ)، انٹیلی جنس فورس، لیویز سمیت دیگر اداروں کا مشترکہ آپریشن مکمل کر لیا گیا ہے۔ یہ آپریشن 2016 کے بعد انسداد منشیات کی سب سے بڑی کارروائی ہے، جس میں آپریشن کو کامیابی سے مکمل کرنے کے لیے پہلے جرگے کا انعقاد کر کے متعلقہ لوگوں کو وارننگ دی گئی تھی۔ جرگے کے انعقاد کے بعد